اِبتدا
ساکشر بھارت
साक्षर भारत

اِبتدا

نام ____________________

پتہ ____________________

____

برکت علی 'فراق'
اسٹیٹ ریسورس سینٹر
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

IBTADA

First Edition	**:**	**3000 copies, June 2011**
Second Edition (Revised)	**:**	**Feb. 2014**
Project Director	**:**	**Dr. Shoeb Abdullah**
Prepared by	**:**	**Mushtaq Ahmad**
		Nishat Farooq
		Shahab Siddiqi
Acknowledgement	**:**	**Dr. Azam Shibli**
Graphics	**:**	**Kumud Sinha**
	:	**Shah**

Published by:

Barkat Ali 'Firaq'

STATE RESOURCE CENTRE

JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI-110025

Ph: 011-26838043, E-mail: bafjmi_src@yahoo.com

Printed at:

پیش لفظ

ساکشر بھارت مشن کا مقصد ہر بالغ کو پڑھنا لکھنا سکھا دینا ہی نہیں ہے، بلکہ اس کے دیگر مقاصد بھی ہیں۔ انھیں اس لائق بنانا کہ وہ اپنے پڑھنے لکھنے کی صلاحیت کا استعمال اپنی روزمرہ کی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے کرسکیں، وہ زیادہ باخبر شہری بن سکیں اور قومی اقدار کو اپنی زندگی میں ڈھال سکیں۔ اس لئے ان بالغوں کو خواندہ بنانے کے لیے جو کتابیں تیار کی جاتی ہیں ان سے امید کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا تمام مقاصد کے حصول میں معاون ہوں۔ شامل مواد نہ صرف بالغوں کی پڑھنے لکھنے کی صلاحیتوں کو فروغ دے بلکہ ان کے سامنے زندگی کے کچھ مسائل بھی پیش کرے تاکہ وہ ذہنی طور پر ان مسائل کو حل کرنے کے لیے تیار ہوسکیں۔ یہ کتاب اس طرح تیار کی گئی ہے کہ پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت تیزی سے فروغ پائے، سمجھ کر پڑھنے کی عادت پیدا ہو تاکہ وہ جو کچھ پڑھیں، سمجھیں اُسے اپنی زندگی میں اتارنے کی کوشش کریں۔

ادارہ برکت علی فراق اسٹیٹ ریسورس سینٹر جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی اپنے قیام سے ہی اس میدان میں سرگرم رہا ہے۔ اردو پڑھنا لکھنا سکھانے کے لئے تیار کی گئی کتاب ''ہم پڑھیں'' پہلی بار 1984ء میں شائع ہوئی۔ ضرورت کے مطابق کی گئی ردوبدل کے ساتھ اگست 2008ء تک اس کتاب کے 42 ایڈیشن شائع ہو چکے تھے جو اس کتاب کی افادیت کا ثبوت ہے۔ یہ قاعدہ دہلی کے علاوہ دیگر ریاستوں میں بھی استعمال کیا گیا۔ جس کے ذریعہ تیار کیے گئے مواد کو پورے ملک میں مقبولیت حاصل رہی ہے۔

وقت کے بدلتے ہوئے تقاضوں اور ساکشر بھارت مشن کے نئے رہنمایانہ خطوط کی روشنی میں یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ اس طرز پر ایک دوسری کتاب تیار کی جائے جس میں شامل مواد عصر حاضر کے مسائل سے ہم آہنگ ہو۔

اس سمت میں ایس آر سی کے سابق ڈائریکٹر جناب مشتاق احمد صاحب کی قیادت میں تیار کردہ کتاب کمیٹی کے سامنے حال ہی میں پیش ہوئی اور ساکشر بھارت مشن کی سفارشات پر عمل کرنے کے لیے ماہرین پر مبنی جس میں محترمہ نشاط فاروق، جناب شہاب صدیقی، جناب کمود سنہا، جناب ڈاکٹر اعظم شبلی شامل تھے۔اس کمیٹی نے ایک ورکشاپ کے دوران اسے موجودہ شکل دی۔ اس کتاب میں عصری اہم مسائل کو شامل کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے اور ساکشر بھارت مشن کی نئی تجاویز پر پوری طرح عمل کیا گیا ہے۔

ساکشر بھارت مشن کی تجاویز کے مطابق اب یہ کتاب ''ابتدا'' خواندگی کے ساتھ ساتھ ''بعد خواندگی'' کا بھی احاطہ کرتی ہے۔

اس کتاب میں جانچ کے چھ پرچے T1 سے T6 تک ہیں۔ان کا مقصد یہ ہے کہ پڑھنے والے اور پڑھانے والے دونوں ہی یہ جانچ لیں کہ کمزوری کہاں ہے اور اس کو کیسے دور کیا جاسکتا ہے۔ T6 آخری جانچ ہے جو اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ طالب علم نے خواندگی کا بنیادی معیار حاصل کرلیا ہے۔

ادارہ، کمیٹی کے تمام ممبران کا تہہ دل سے مشکور ہے جن کے تعاون کے بغیر یہ کتاب تیار نہیں ہوسکتی تھی۔ ادارہ، کمیٹی کا بھی مشکور ہے جس کی گراں قدر تجاویز نے اسے بہتر بنانے میں مدد کی۔

ڈائریکٹر

فہرست

اپنی جانچ آپ (T-3)

نمبر	سبق	مواد	حساب
13۔ 14۔	سلطان ناصرالدین گھر کی رونق	سماجی ذمہ داری لڑکا لڑکی میں برابری	اکائی، دہائی، سینکڑہ حاصل کا جوڑنا
15۔	دوست	ماحولیات	حاصل کا گھٹانا
16۔	لکھو پڑھو آگے بڑھو	خواندگی کی طاقت	2 سے 5 پہاڑے/ضرب

اپنی جانچ آپ (T-4)

نمبر	سبق	مواد	حساب
17۔	ہنسو مسکراؤ	چٹکلے	6 سے 10 پہاڑے/گھڑی
18۔	آؤ لکھیں	خط و درخواست	روپیہ پیسہ کا حساب
19۔	عقلمندی	کہانی	تقسیم
20۔	حوصلہ	برابری کا حق	تول/گرام، کلوگرام

اپنی جانچ آپ (T-5)

نمبر	سبق	مواد	حساب
21۔	روشنی کی کرن	قومی یکجہتی	تول/ملی لیٹر، لیٹر
22۔	اپنی مدد آپ	سیلف ہیلپ گروپ	ناپ/سینٹی میٹر، میٹر
23۔	ہمارا وطن	گیت	دن اور مہینوں کے نام
24۔	روزگار کا حق	مہاتما گاندھی نیشنل رورل روزگار گارنٹی ایکٹ	فی صد

اپنی جانچ آپ (T-6)

سبق -1

	اکیلی شکل	ملواں شکل	
	ا		
	آ		آ
	ب	بـ ـبـ ـب	اب آب بابا باب
	پ	پـ ـپـ ـپ	پاپ آپا آپ باپ

آپا

آپا آ۔ — آپا اب آ۔

بابا آ۔ — پاپا آ۔

مشق

1- ایک جیسے حروف کو لائن لگا کر ملایئے۔

جیسے:

2- پڑھیے:

ا آ ب پ

اب آب آپ بابا پاپا

3- نقل کیجیے:

ا ....

آ ....

ب ....

پ ....

4- تصویر کے نام کا پہلا حرف لکھیے:

....

5- گولے کے حروف کو جوڑ کر 4 لفظ بنایے:

ا	آ
ب	پ

جیسے: باب

....

سبق - 2

اکیلی شکل	ملواں شکل	
ت	تـ ـتـ ـت	تب تاب بات پتا بتا بابت
ٹ	ٹـ ـٹـ ـٹ	ٹاٹ باٹ ہاٹ ٹب آٹا ٹاٹا باٹا
ث	ثـ ـثـ ـث	ثابت

آپا پتا بتا

آپا آ۔ بابا آ۔

آپا اب بات بتا۔ اپنا پتا بتا۔

1

2

3

4

5

1	2	3	4	5

مشق

1- ت ٹ اور ث کو پہچانئے اور ان پر گولا لگایئے:

جیسے:	تب

بات باٹ ثابت ٹب

2 - پڑھیے:

ت ٹ ث

آٹا ٹب ثابت ٹاٹ

بابا آ۔ پیا بتا۔ بات بتا۔

3 - نقل کیجیے:

ا .... آ ....

ب .... پ ....

ت .... ٹ ....

ث .... باب ....

آٹا .... تب ....

بتا .... تاپ...... ....

ثابت ....

4- تصویر کے نام کا پہلا حرف لکھیے :

....

5 - حروف جوڑ کر لفظ بنایے:

تب	ت ب	اب	ا ب	جیسے:

آ پ .... ب ا ت ....

ٹ ب .... ب ت ا ....

آ پ ا .... ب ا ٹ ....

آ ٹ ا .... ث ا ب ت ....

6- لائن لگا کر ایک سی گنتی کو ملایے:

جیسے:

1	3	4	2	5
3	2	5	4	1

7- دیکھ کر گنتی لکھیے :

		1
		2
		3
		4
		5

سبق - 3

	اکیلی شکل	ملواں شکل	
	ن ں	نـ ـنـ ـن	آن بان تان پان نان بنا ناتا تاباں
	ہ	ہـ ـہـ	آہ نباہ تباہ پناہ ہٹ ہاٹ ہاں نہانا بہانا بہن تہہ
	ی ے	یـ ـیـ	یہ ہی بی بی یہی بیٹی بیٹا ہے نے

بیٹی بیٹا

بیٹی ہے۔ بیٹا ہے۔

یہی بہت ہے۔

تب نباہ ہے۔ پناہ ہے۔

آن بان ہے۔

بیٹیاں ہی ہیں۔

یہی بہت ہے۔

گنتی سیکھیں

6

7

8

9

10

6	7	8	9	10

مشق

1- پہچانیے اور ایک سے حروف کو لائن لگا کر ملایے:

جیسے:

ن	ل
ے	ہ
ی	ے
ہ	ی
ل	ن

2- پڑھیے:

ن ہ ل ی ے

آ ن یہا ں با ٹا تین پنا ہ

نا ن ہے۔ پا نی ہے۔

نبا ہ ہے۔ تب آ ن با ن ہے۔

3- نقل کیجیے:

ن .... ل ....

ہ .... ی ....

ے .... پا نا ....

ٹین .... بیٹا ہے ....

بیٹی ہے .... یہی بہت ہے ....

4- حروف جوڑ کر لفظ بنایے:

آ ن .... ن ب ا ہ ....

ب ٹ ن .... ی ہ ا ل ....

ہ ٹ .... ب ے ٹ ا ....

ب ہ ن .... ب ے ٹ ی ....

پ ا ن ی .... ہ ے ....

5 - گنتی نقل کیجیے:

6	7	8	9	10

6 - خالی جگہ پر صحیح گنتی لکھیے:

1		3	4	
6		8		10

7 - خالی جگہ میں گن کر لکھیے:

سبق - 4

	اکیلی شکل	ملواں شکل	
	ج	جـ	آج تاج اناج جا جان بجا بجٹ
	چ	چـ	ناچ چچا بچت چاٹ جانچ
	ح	حـ	حاجت بحث حج حاجی
	خ	خـ	خان تخت تختی چیخ

بچت نہیں چین نہیں

خان پانی ہے ؟ خان اناج ہے ؟

خان آنچ ہے ؟ جی۔

خان بچت ہے ؟ نہیں۔

جہاں بچت نہیں۔

چین نہیں۔

اناج پانی بچائیں۔

حاجت بہت ہے۔

جوڑ کر گنتی سیکھیں

+	یہ جوڑ کا نشان ہے۔
=	یہ برابر کا نشان ہے۔

10 +	1	=	11	10 +	6	=	16
10 +	2	=	12	10 +	7	=	17
10 +	3	=	13	10 +	8	=	18
10 +	4	=	14	10 +	9	=	19
10 +	5	=	15	10 +	10	=	20

11	12	13	14	15	16	17	18	19	20

مشق

1- ایک جیسے حروف کو لائن لگا کر ملایئے۔

جیسے

2 - پڑھیے:

ج چ ح خ بحث چنا تخت آج

جہاں نان ہے، پانی ہے، نباہ ہے۔ چین ہے۔

جہاں پانی نہیں، اناج نہیں، چین نہیں۔

نہ جان ہے، نہ جہان ہے۔

3 - نقل کیجیے:

ج .... چ ....

ح .... خ ....

چاٹ .... خان ....

حج .... بجٹ ....

جہاں نان ہے جہاں پانی ہے چین ہے

....

4 - نیچے دیے گئے حروف چن کر لفظ پورے کیجیے:

ج آ ٹ ن

جا........ تا......... ....ج چا......

5 - صحیح جگہ پر 'ن' لگا کر لفظ بنایے:

6 - گنتی نقل کیجیے:

11			16		
12			17		
13			18		
14			19		
15			20		

7 - خالی جگہ پر صحیح گنتی لکھیے:

11		13		15
16				20

اپنی جانچ آپ
T1

نام ____________

پتہ ____________

داخلہ کی تاریخ ____________

جانچ کی تاریخ ____________

1 - پڑھیے:

آپ   بات   بیٹی   چین

آپا اناج ہے ؟ پانی ہے ؟ جی ہاں۔

بچت ہے ؟ جی ہاں۔ تب چین ہے۔ نباہ ہے۔

2 - تصویر کے نام کا پہلا حرف لکھیے:

....

3 - حروف ملا کر لفظ بنایے:

ب ہ ن [ ]   ہ ا ٹ [ ]

آ ٹ ا [ ]   ح ج [ ]

4 - پڑھیے اور نقل کیجیے:

نہ اناج ہے نہ پانی ہے۔........................ ....

چچا بے چین ہیں۔ ....

5 - نیچے دیے حروف چُن کر لفظ پورے کیجیے:

پ ج آ ں

آ .... ٹا ہا ...... انا ......

6 - لائن لگا کر ایک سی گنتی کو ملایئے:

15	13	14	11	12
13	15	12	14	11

7 - گن کر لکھیے:

✂✂✂✂ ☐

✂✂✂✂✂ ☐

✂✂✂ ☐

✂✂✂✂✂✂✂✂ ☐

نام اور دستخط رضا کار استاد ________________

محکمہ/سوسائٹی کا نام ________________

____

سبق - 5

اکیلی شکل	ملواں شکل	
د	ـد	دن دادا دانت یاد بدن پاندان چندن چاند
ڈ	ـڈ	ڈاٹ ڈانٹ ڈنڈا انڈا
ذ	ـذ	ذات ذبح ذہین جذب

اب ڈر نہیں

اب ذات پات نہیں ہے۔
پابندی نہیں ہے۔
اب ڈر نہیں ہے۔
ڈنڈا نہیں ہے۔
ڈانٹ ڈپٹ نہیں ہے۔
جذبہ ہے۔ ذہن آزاد ہے۔
چین ہی چین ہے۔
یہ بات ہے یا نہیں ؟

جوڑ کر گنتی سیکھیں

20 + 1 = 21	20 + 6 = 26
20 + 2 = 22	20 + 7 = 27
20 + 3 = 23	20 + 8 = 28
20 + 4 = 24	20 + 9 = 29
20 + 5 = 25	20 + 10 = 30

21	22	23	24	25	26	27	28	29	30

جمع کے سوال سیکھیں

جمع کا مطلب ہے جوڑنا۔ جیسے 4 میں 2 جوڑیں تو 6 بنے گا۔

+ =

4 + 2 = 6

اسے اس طرح بھی جوڑ سکتے ہیں

$$\begin{array}{r} 4 \\ +\ 2 \\ \hline 6 \end{array}$$

مشق

1- د ڈ اور ذ کو پہچانیے اور ان پر گولا لگائیے:

آداب بدن انڈا ذہین

2- پڑھیے:

د ڈ ذ ذات دانت ڈنڈا اذان

اب آبادی بہت ہے۔

حاجت بہت ہے۔

نیند نہیں آتی۔

3- نقل کیجیے:

د .... ڈ .... ذ ....

بدن .... ڈنڈا .... اذان................

چاندنی ہے۔ بیٹی ذہین ہے۔ ڈنڈا نہیں ہے۔

....

4 - ملاکر لکھیے:

ب د ن	....	چ ا ن د	....
ڈ ن ڈ ا	....	ا ن ڈ ا	....
ڈ ا ن ٹ	....	ن د ی	....
ج ذ ب	....	ی ا د	....

5- تصویر دیکھ کر ان کے نام پورے کیجیے:

ا..................   پا..................   چا..................

6 - گنتی نقل کیجیے:

21	22	23	24	25
26	27	28	29	30

7 - جوڑیے:

2	4	3
+ 3	+ 2	+ 4
______	______	______

3	5	4
+ 3	+ 3	+ 5
______	______	______

5	6	7
+ 2	+ 2	+ 2
______	______	______

سبق - 6

اکیلی شکل	ملواں شکل	
ر	ـر	رب رات راہ برابر تاجر بخار
ڑ	ـڑ	آڑ باڑ پہاڑ بڑا جڑا پڑی تڑپ
ز	ـز	زر زرد زنجیر زہر بازار تیزی راز ناز
و	ـو	وہ وہاں روزی روزہ دونوں بچو دو اردو

زرد چہرہ

چہرہ زرد ہے۔ بڑا تیز جاڑا بخار ہے۔
جوڑ جوڑ ٹوٹا جا رہا ہے۔ بڑا درد ہے۔
تیز بخار دن رات رہتا ہے۔
نیند نہیں آتی۔ راحت نہیں ہے۔
پرہیز نہیں تو راحت نہیں۔
تب تو پرہیز ہی بہتر ہے۔

جوڑ کر گنتی سیکھیں

30 + 1 = 31	30 + 6 = 36
30 + 2 = 32	30 + 7 = 37
30 + 3 = 33	30 + 8 = 38
30 + 4 = 34	30 + 9 = 39
30 + 5 = 35	30 + 10 = 40

31	32	33	34	35	36	37	38	39	40

دو ہندسوں کا جمع کرنا سیکھیں:

1 0	1 3	2 2	2 1
+ 4	+ 1 2	+ 1 1	+ 1 5
1 4	2 5	3 3	3 6

مشق

1- ر ڑ ز اور و کو پہچانیے اوران پر گولا لگایے:

رات باڑ جہاز وہ

2- پڑھیے:

ر ڑ ز و زرد ہوا رات

پنچایت چناو آیا۔ چناو ہوا۔ دو پنچ بنے۔

زاہدہ اور بانو پنچ بنیں۔ پنچایت، دیہات بہتر بناتی ہے۔

3 - نقل کیجیے:

ر........... ڑ................ ز .... د.................

برابر................ بڑی .... تیز................بچو............

جاڑا تیز ہے........................بدن اکڑا ہے ....

4- تصویر کے نام پورے کیجیے:

ہا .... آ........... جہا...........

5 - جوڑ کر الفاظ بنایے:

ب ڑ ی .... پ ہ ا ڑ ....

پ ر ن د ہ .... ز ب ا ن ....

چ ا ر .... ت ے ز ....

ب ڑ ا .... ت ے ز ی ....

6 - نقل کیجیے:

31	32	33	34	35
36	37	38	39	40

7 - جوڑیے:

```
  1 1        1 4
+   5      + 1 2
 ______     ______

 ______     ______

  2 8        2 0
+ 1 1      + 1 5
 ______     ______

 ______     ______
```

سبق - 7

	اکیلی شکل	ملواں شکل	
	س	سـ سـ	دس رس آس راس سب سبز سستی سبزی
	ش	شـ شـ	بارش خارش تاش شور شہر شربت بشیر راشن
	ص	صـ	خاص حرص صبر صابن صبح صاحب
	ض	ضـ	ناراض ضد ضرب ضروری حاضری

اپنی بستی

یہ اپنی بستی ہے۔
یہ بستی بہت خاص ہے۔
یہ بستی صدیوں پرانی ہے۔
بستے بستے بسی ہے۔
یہاں ضد نہیں ہے۔
رنجش نہیں ہے۔
یہاں سب پیار سے رہتے ہیں۔
ضد اور رنجش بُری بات ہے۔
ضد اور رنجش سے بستی، شہر
اُجڑ جاتے ہیں۔
صحرا بن جاتے ہیں۔

معنی سیکھیے

ریگستان	صحرا

جوڑ کر گنتی سیکھیں

40 + 1 = 41	40 + 6 = 46
40 + 2 = 42	40 + 7 = 47
40 + 3 = 43	40 + 8 = 48
40 + 4 = 44	40 + 9 = 49
40 + 5 = 45	40 + 10 = 50

41	42	43	44	45	46	47	48	49	50

گھٹانے کے سوال سیکھیں

گھٹانے کا مطلب ہے کم کرنا یا نکال دینا جیسے 4 میں سے 2 گھٹائیں تو 2 بچیں گے۔

– یہ گھٹانے کا نشان ہے۔

4 – 2 = 2

$$\begin{array}{r} 4 \\ -\ 2 \\ \hline 2 \\ \hline \end{array}$$

اسے اس طرح بھی گھٹا سکتے ہیں

مشق

1- س ش ص اور ض کو پہچانیے اور ان پر گولا لگایے:

سرکار شور خاص ناراض

2 - پڑھیے :

س ش ص ض صدی آس شور ضد

یہ سب ہری سبزیاں ہیں۔ بہت ساری ہیں۔

سستی ہیں۔ ہری سبزی سے صحت ہے۔

تندرستی ہے۔ تندرستی سے ہی راحت ہے۔

3 - نقل کیجیے:

س............ ش............ ص............ ض............

بس............ راشن............ صبر............ ضد............

بستی بستے بستے بستی ہے۔

....

رنجش سے بستی اُجڑ جاتی ہے۔

....

4 - حروف ملا کر لفظ بنایے:

ب س ت ی .... ب س ....

ش ر ب ت .... ص ب ر ....

ص ح ت .... خ ا ص ....

ض د .... ص ا ب ن ....

5 - دیے گیے لفظوں سے جملے پورے کیجیے:

صحت　　سبزی　　بستی　　بڑی

ہری .... سستی ہے۔

سبزی سے .... ہے۔

بستی بستے بستے .... ہے۔

یہ بستی .... ہے۔

6 - خالی جگہ پر صحیح گنتی بھریے:

41	42			45
46		48		50

7- گھٹایے:

$$\begin{array}{r} 3 \\ -\ 1 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 5 \\ -\ 2 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 8 \\ -\ 4 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 9 \\ -\ 5 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

سبق - 8

	ملواں شکل	اکیلی شکل	
برف حرف صاف فن فریاد دفتر خفا سفر	فـ ـفـ	ف	
دق فرق سبق حق قرض قرآن قربانی نقد فقیر	قـ ـقـ	ق	
پاک چاک کبوتر کان کار کاغذ ککڑی فیکٹری اچانک	کـ ـکـ	ک	
آگ جنگ گردن گاجر سگائی گاہک سگا گنگا زنگ	گـ ـگـ	گ	

ء

	پوری شکل	چھوٹی شکل	
ء اس علامت کو ہمزہ کہتے ہیں۔ یہ جس حرف پر لگائی جاتی ہے، اس کو کھینچ کر پڑھتے ہیں۔	ء	ٔ	نئ نئے آئی چائے لائے ناؤ

صفائی کی ضرورت

صفائی سے صحت ہے۔ ہر وقت بدن اور کپڑے صاف ہوں ، تب ہی صحت بن سکتی ہے۔
جہاں گندگی ہے ، وہاں نہ تندرستی ہے نہ زندگی ۔
دست ، بخار ، پیچش ، خارش اور ہیضہ کی جڑ گندگی ہے۔ آس پاس کی صفائی کریں۔
صفائی اور پاکی ہمارے نبیؐ کو پسند ہے۔ ہر وقت پاک صاف رہیں۔
پاک صاف جگہ پر فرشتوں کا گزر رہتا ہے۔

جوڑ کر گنتی سیکھیں

50 + 1 = 51	50 + 6 = 56
50 + 2 = 52	50 + 7 = 57
50 + 3 = 53	50 + 8 = 58
50 + 4 = 54	50 + 9 = 59
50 + 5 = 55	50 + 10 = 60

51	52	53	54	55	56	57	58	59	60

دو ہندسوں کا گھٹانا سیکھیں:

$$\begin{array}{r} 28 \\ -\,26 \\ \hline 02 \end{array} \qquad \begin{array}{r} 35 \\ -\,13 \\ \hline 22 \end{array} \qquad \begin{array}{r} 60 \\ -\,10 \\ \hline 50 \end{array}$$

مشق

1- ف ق ک اور گ کو پہچانیے اوران پر گولا لگایے:

فرض حق کسان آگ

2 - نقل کیجیے:

ف.......... ق.......... ک.......... گ..........

فجر.......... حق.......... کسان.......... گاجر..........

سفر.......... نقد.......... کان.......... جگر..........

صفائی درکار ہے۔ گندگی سے بچیں۔

....

3 - پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے:

سب انسان برابر ہیں۔سب کے حق برابر ہیں۔قانون نے بہت سے حق دیے ہیں۔جیسے برابری کا حق ، جانکاری پانے کا حق ،سرکار چننے کا حق ،ووٹ دینے کا حق ،صفائی کا حق ۔

- حق کس نے دیے ہیں؟..
- کسی ایک حق کا نام لکھیے ۔ ....

4 - لفظ کو ملا کر جملے پورے کیجیے:

جیسے:	آگ کا ڈر ہے۔

آگ	جا رہی ہے۔
بیٹی	بہت ہے۔
گندگی	کی فریاد سن۔
غریب	کا ڈر ہے۔
کپڑا	نقد خریدا ہے۔

5 - دیے گئے حروف سے دو دو لفظ بنایے:

ف ق ک گ ر ن ا د

جیسے:	فرق

....

....

....

....

6 - گنتی نقل کیجیے:

ایک .... دو ....

تین .... چار ....

پانچ ....

7 - خالی جگہ پر صحیح گنتی بھریے:

51			54	
56		58		60

8 - گھٹایے:

$$\begin{array}{r} 55 \\ -\ 45 \\ \hline \\ \hline \end{array} \quad \begin{array}{r} 35 \\ -\ 12 \\ \hline \\ \hline \end{array} \quad \begin{array}{r} 28 \\ -\ 14 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

$$\begin{array}{r} 59 \\ -\ 48 \\ \hline \\ \hline \end{array} \quad \begin{array}{r} 56 \\ -\ 15 \\ \hline \\ \hline \end{array} \quad \begin{array}{r} 42 \\ -\ 11 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

اپنی جانچ آپ

T2

نام ____________________

پتہ ____________________

داخلہ کی تاریخ ____________________

جانچ کی تاریخ ____________________

1- پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے:

چین سے رہنا ہے تو پیار سے رہو۔

رنجش نہ ہو تو ہی بہتر ہے۔ رنجش بری بات ہے۔ رنجش

چین اڑا دیتی ہے۔

- چین سے رہنا ہے تو کیا کریں؟

....

- رنجش کیا اڑا دیتی ہے؟

....

2 - ملا کر لکھیے :

ح ق ....

ک ک ڑ ی ....

ز ب ا ن ....

گ ن د گ ی ....

3 - ان الفاظ سے جملے پورے کیجیے:

بری پابندی پاک

یہاں............................ نہیں ہے۔

گندگی............................ بات ہے۔

ہر وقت............................ صاف رہیں۔

4 - تصویروں کے نیچے ان کے نام لکھیے :

....

5 - خالی جگہوں میں گنتی لکھیے:

46		48		50
51		53		55
	57		59	

6 - جوڑیے:

$$\begin{array}{r} 5 \\ +\ 2 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 15 \\ +\ 12 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 45 \\ +\ 13 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 63 \\ +\ 22 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

7 - گھٹایئے:

$$\begin{array}{r} 8 \\ -\ 4 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 24 \\ -\ 11 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 29 \\ -\ 15 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 48 \\ -\ 23 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

نام اور دستخط رضا کار استاد ______________

محکمہ/سوسائٹی کا نام ______________

____

سبق - 9

	اکیلی شکل	ملواں شکل	
	ل	ـل	بال چال تال لڑکی لگن جالی جلدی
	م	ـمـ ـم	آم نام فارم کام ماں منانا علم حکیم بیماری ہمارا ٹماٹر
	لا	لا	لال لاج کالا لالٹین گلاس گلاب

اسلم کا حق

اسلم نے گرامین روزگار گارنٹی یوجنا میں سَو دن کام کیا۔ مزدوری
ملی صرف نوے دن کی۔ یہ بات اسلم نے رام لال کو بتائی۔

رام لال نے کہا: ملک میں جانکاری پانے کا قانون بن گیا ہے۔
اب سرکاری، نیم سرکاری اداروں سے ان کی جانکاری لے سکتے ہو۔
اس کے لیے درخواست دینی ہوگی۔

اسلم نے بی۔ڈی۔او کو درخواست دی۔ جلدی ہی شکایت پر
کاروائی ہوئی۔

منشی اور سرپنچ کو حکم ملا کہ اسلم کو باقی مزدوری ادا کی جائے۔

جوڑ کر گنتی سیکھیں

60 + 1 = 61	70 + 1 = 71
60 + 2 = 62	70 + 2 = 72
60 + 3 = 63	70 + 3 = 73
60 + 4 = 64	70 + 4 = 74
60 + 5 = 65	70 + 5 = 75
60 + 6 = 66	70 + 6 = 76
60 + 7 = 67	70 + 7 = 77
60 + 8 = 68	70 + 8 = 78
60 + 9 = 69	70 + 9 = 79
60 + 10 = 70	70 + 10 = 80

61	62	63	64	65	66	67	68	69	70
71	72	73	74	75	76	77	78	79	80

مشق

1- ل م اور ء کو پہچانیے اوران پر گولا لگایے:

مال　　کام　　شال　　آئے

2 - نقل کیجیے:

ل	م	لا	ء ......
ریل...........	ماں	آم	تم ......
لڑکا...........	ہماری	چلو	سلام ......
نئے...........	آئے	لئے	ناؤ ......

3 - پڑھیے اورسوالوں کے جواب دیجیے:

جانکاری پانا سب کا حق ہے۔ جانکاری حاصل کرنے کے لیے درخواست دی جاتی ہے۔ درخواست ملنے پر افسر کو جانکاری دینی ہوگی۔ اس کو جانکاری تیس دن کے اندر اندر دینی ہوگی۔ افسر اگر

جانکاری نہ دے تو اس کے اوپر کے افسر سے جانکاری لیں۔ اگر جانکاری نہ ملے تو قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

- جانکاری پانے کے لیے کیا کرنا ہوگا؟

....

- جانکاری کتنے دن میں ملتی ہے ؟

....

4 - اوپر سے نیچے اور دائیں سے بائیں لفظ بنایے۔

5 - سبق کے لحاظ سے جواب لکھیے:

- اسلم نے کتنے دن کام کیا تھا ؟ ....
- اُسے کتنے دن کی مزدوری ملی ؟ ....
- اسلم نے کس کو درخواست دی ؟ ....

6- گنتیوں کو لفظوں میں لکھیے:

دس	....	بیس	....
تیس	....	چالیس	....

پچاس ....

7 - جوڑیے:

54	42	35
+ 11	+ 13	+ 22
____	____	____

8 - گھٹائیے:

57	48	38
– 27	– 12	– 15
____	____	____

سبق - 10

	اکیلی شکل	ملواں شکل	
	ط	طـ ـط	طب طرح طوفان طبلہ خاطر خط شرط
	ظ	ظـ ـظ	لحاظ ظالم ظفر ظاہر نظر حفظ
	ع	عـ ـعـ	عورت عید شاعر دعوت بعد شعر شمع شرع
	غ	غـ ـغـ	غلیل غذا غریب بغیر بغداد چراغ باغ داغ

لڑکی لڑکے کی تعلیم

ظفر اسکول جاتا ہے مگر طاہرہ نہیں۔ یہ بات غلط ہے۔ لوگ لڑکیوں کو اسکول کیوں نہیں جانے دیتے؟ علم تو سب کے لیے ضروری ہے چاہے ظفر ہو یا طاہرہ۔

کہا گیا ہے کہ ''گود سے گور تک علم حاصل کرو۔'' تعلیم کے بغیر سب بے کار ہے۔

لڑکی کو تعلیم پیار اور صحت کا حق ہے۔ تعلیم سے دین و دنیا کا علم حاصل ہوتا ہے۔

تعلیم اعتماد دیتی ہے۔ تربیت دیتی ہے۔ لڑکیوں کو تعلیم نہ دینا غلط ہے۔ ان پر ظلم اور ناانصافی ہے۔

ّ

اس علامت کو تشدید کہتے ہیں۔اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ جس حرف پر لگائی جاتی ہے،اس کو دو بار پڑھتے ہیں،جیسے قصّہ میں ص کو دو دفعہ پڑھیں گے۔اس کی کچھ مثال یہ ہیں:

ق ص ص ہ = قصّہ	یہ قصّہ لمبا ہے۔
ا ل ل ہ = اللہ	اللہ ایک ہے۔
م ح م د = محمّد	محمّدؐ آخری نبی ہیں۔
ح ص ص ہ = حصّہ	ہمارا حصّہ بڑا ہے۔
س چ چ ا = سچّا	یہ آدمی سچّا ہے۔
ب چ چ ہ = بچّہ	یہ بچّہ پیارا ہے۔

جوڑ کر گنتی سیکھیں

80 + 1 = 81	90 + 1 = 91
80 + 2 = 82	90 + 2 = 92
80 + 3 = 83	90 + 3 = 93
80 + 4 = 84	90 + 4 = 94
80 + 5 = 85	90 + 5 = 95
80 + 6 = 86	90 + 6 = 96
80 + 7 = 87	90 + 7 = 97
80 + 8 = 88	90 + 8 = 98
80 + 9 = 89	90 + 9 = 99
80 + 10 = 90	90 + 10 = 100

اردو گنتی ۱ سے ۱۰۰ تک

۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
۲۰	۱۹	۱۸	۱۷	۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱
۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶	۲۵	۲۴	۲۳	۲۲	۲۱
۴۰	۳۹	۳۸	۳۷	۳۶	۳۵	۳۴	۳۳	۳۲	۳۱
۵۰	۴۹	۴۸	۴۷	۴۶	۴۵	۴۴	۴۳	۴۲	۴۱
۶۰	۵۹	۵۸	۵۷	۵۶	۵۵	۵۴	۵۳	۵۲	۵۱
۷۰	۶۹	۶۸	۶۷	۶۶	۶۵	۶۴	۶۳	۶۲	۶۱
۸۰	۷۹	۷۸	۷۷	۷۶	۷۵	۷۴	۷۳	۷۲	۷۱
۹۰	۸۹	۸۸	۸۷	۸۶	۸۵	۸۴	۸۳	۸۲	۸۱
۱۰۰	۹۹	۹۸	۹۷	۹۶	۹۵	۹۴	۹۳	۹۲	۹۱

جوڑیے:

$$\begin{array}{r} 45 \\ +\ 24 \\ \hline 69 \end{array}$$

$$\begin{array}{r} 26 \\ +\ 12 \\ \hline 38 \end{array}$$

مشق

1- ط ظ ع اور غ کو پہچانیے اور ان پر گولا لگایے:

طرح لحاظ دعا دماغ

2- پڑھیے:

ط ظ ع غ ابّا

ڈبّا راغب ضعیف

3- نقل کیجیے:

ط............... ظ............... ع............... غ...............

خط............... نظر............... دعا............... غذا...............

ظہیر طاہر سے شرط ہارا ہے۔

....

4- ملا کر لکھیے :

خ ا ط ر	ع ا د ت	ض ب ط ....
د ع ا	ظ ا ہ ر	غ ص ص ہ ....
ن ظ ر	ر غ ب ت	ح ص ص ہ ....

5- خالی جگہ میں صحیح لفظ لکھیے :

ظہیر بنارس .... ہے۔ (جا رہی/جا رہا)

یہ باغ .... ہے۔ (بڑا/بڑی)

طاہر .... خاطر آرہا ہے۔ (تیزی/تیری)

نادرہ دعا .... ہے۔ (دیتا/دیتی)

6- پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے :

بچّوں کو بیماریوں سے بچانا ضروری ہے۔ ٹیکے بچّے کو خطرناک بیماریوں سے بچاتے ہیں۔ یہ ٹیکے سرکاری اسپتال میں مفت لگائے جاتے ہیں۔ پولیو ڈراپ پلانے کے لیے پولیو کیمپ لگائے جاتے ہیں۔

- بچّوں کو خطرناک بیماریوں سے بچانے کے لیے کیا کریں ؟

....

- مفت ٹیکے کہاں لگتے ہیں ؟

....

- پولیو کیمپ میں کیا ہوتا ہے ؟

....

7- دی گئی گھنٹیوں پر 91-100 تک ترتیب سے گنتی لکھیے :

8 - دیے گئے سوالات حل کیجیے :

36	25	87	44
+ 21	+ 23	– 42	– 12
____	____	____	____

سبق - 11

	ملواں شکل	لفظ
	بھ پھ تھ ٹھ	بھالو بھالا پھل پھول تھانہ نتھ ٹھگ کٹّھل
	جھ چھ	جھونپڑی جھولا چھت چھپّر
	دھ ڈھ	دھوبی دھول ڈھول ڈھکنا
	ڑھ	باڑھ گاڑھا
	کھ گھ	کھاٹ کھمبا گھر گھڑی
	لھ	چولھا دولھا
	نھ	ننھا منھ

مِٹّی کا دِیا

جھُٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مِٹّی کا دِیا،
ایک بڑھیا نے سرِ رہ لاکے روشن کردیا۔
تاکہ راہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں،
راہ سے آساں گزر جائے ہر اِک چھوٹا بڑا۔
یہ دِیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور اس فانوس سے،
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جس کی سدا۔

حالؔی

معنی سیکھیے

فانوس	لیمپ

جوڑ کر گنتی سیکھیں

101 سے 200 تک گنتی سیکھیے:

101	102	103	104	105	106	107	108	109	110
111	112	113	114	115	116	117	118	119	120
121	122	123	124	125	126	127	128	129	130
131	132	133	134	135	136	137	138	139	140
141	142	143	144	145	146	147	148	149	150
151	152	153	154	155	156	157	158	159	160
161	162	163	164	165	166	167	168	169	170
171	172	173	174	175	176	177	178	179	180
181	182	183	184	185	186	187	188	189	190
191	192	193	194	195	196	197	198	199	200

جوڑنے کے سوال:

$$\begin{array}{r} 67 \\ +\ 32 \\ \hline 99 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 55 \\ +\ 24 \\ \hline 79 \\ \hline \end{array}$$

گھٹانے کے سوال:

$$\begin{array}{r} 46 \\ -\ 13 \\ \hline 33 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 38 \\ -\ 16 \\ \hline 22 \\ \hline \end{array}$$

مشق

1- ھ کو پہچانیے اور ان پر گولا لگایے:

پھل چھت ٹھیلا گھر ڈھول جھولا

2 - لکھیے :

بھ .... ٹھ .... جھ .... تھ............

ہاتھ .... بوڑھا .... ٹھیک............ جھولا ....

3 - پڑھیے اور سوالات کے جواب دیجیے:

ایک مرتبہ ایک بوڑھا آدمی آم کا پیڑ لگا رہا تھا۔ اتفاق سے راجہ ادھر سے گزرے۔ انھوں نے بوڑھے سے پوچھا تم یہ درخت کیوں لگا رہے ہو؟ کیا تم اس کا پھل کھا پاؤ گے؟ بوڑھے نے جھجکتے ہوئے جواب دیا آج میں جن درختوں کے پھل کھا رہا ہوں کیا وہ میں نے لگائے تھے؟

- بوڑھا کون سا پیڑ لگا رہا تھا؟ ....
- بوڑھے کے پاس سے کون گزرا؟ ....

4 - ان باتوں میں سے صحیح باتوں پر (✓) اور غلط پر (X) کا نشان لگایے:

- بڑھیا کا دِیا فانوس سے بہتر تھا۔ (✓)
- بڑھیا چاہتی تھی کہ لوگ ٹھوکر کھائیں۔ ( )
- دِیا مٹّی کا تھا۔ ( )
- بڑھیا نے دِیا اپنے گھر کے اندر رکھا تھا۔ ( )

5- ان تصویروں کے نام لکھیے اور ان سے جملے بنایے:

جیسے:		آنکھ	ہم آنکھ سے دیکھتے ہیں۔

....

....

....

....

6 - تصویر کے بارے میں تین جملے لکھیے:

....

....

....

7 - دس دس جوڑ کر پانچ سو تک گنتی لکھیے:

210									300
310									400
410									500

8 - بائیں سے دائیں اور اوپر سے نیچے جوڑیے:

2	1	3	....
1	6	2	....
5	0	4	....
....	....	....	

9 - بائیں سے دائیں اور اوپر سے نیچے گھٹایئے:

8	6	....
5	3	....
....	....	

سبق - 12

میل ملاپ

ایک امیر آدمی کے پانچ بیٹے تھے۔ وہ ہمیشہ آپس میں جھگڑتے رہتے تھے۔ یہ دیکھ کر وہ بہت دکھی ہوتا تھا۔

ایک دن اس نے اپنے بیٹوں کو بلایا۔ انھیں پانچ بندھی لکڑیاں دے کر کہا۔ ''انھیں توڑو۔'' باری باری ہر بیٹے نے کوشش کی پر ناکام رہے۔

اب والد نے لکڑیاں کھول دیں۔ ایک ایک لکڑی ہر بیٹے کو دے کر کہا
"اب انہیں توڑو"۔ سب نے چٹ چٹ اپنی لکڑیاں توڑ دیں۔ اب والد
نے کہا۔ "دیکھو، جب تک لکڑیاں ایک ساتھ بندھی تھیں کوئی بھی انہیں
توڑ نہ سکا۔ لیکن جب وہ الگ ہو گئیں تو آسانی سے ٹوٹ گئیں۔

میرے پیارے بچّو! جب تک تم سب ساتھ رہو گے۔ کوئی تمہارا
کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ میل ملاپ میں بڑی طاقت ہے۔

100 سے 1000 تک گنتی سیکھیے:

100 = 100
100 + 100 = 200
100 + 100 + 100 = 300
100 + 100 + 100 + 100 = 400
100 + 100 + 100 + 100 + 100 = 500
100 + 100 + 100 + 100 + 100 +100= 600
100 + 100 + 100 + 100 + 100 +100 + 100= 700
100 + 100 + 100 + 100 + 100 +100 + 100 + 100= 800
100 + 100 + 100 + 100 + 100 +100 + 100 + 100 + 100 = 900
100 + 100 + 100 + 100 + 100 +100 + 100 + 100 + 100 +100= 1000

• جمع کے عبارت کے سوال سیکھیں

صبا نے رانا سے 30 روپیے اور سیتا سے 15 روپیے لیے۔ بتایے صبا کے پاس کل کتنے روپیے ہوئے؟

$$\begin{array}{r} 30 \\ +\ 15 \\ \hline 45 \\ \hline \end{array}$$

جواب: صبا کے پاس 45 روپیے ہوئے۔

مشق

-1 پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے:

ہم بھارت میں رہتے ہیں۔ بھارت بہت بڑا ملک ہے۔ اس لیے اسے صوبوں میں بانٹا گیا ہے۔ جیسے بہار، اترّ پردیش، راجستھان،

کشمیر اور پنجاب وغیرہ۔ ہر صوبے کے لوگوں کا رہن سہن، رسم و رواج، کھان پان الگ الگ ہے۔ دہلی ہمارے ملک کی راجدھانی ہے۔ یہاں ہر صوبے کے لوگ مل جل کر رہتے ہیں۔ ان کا میل ملاپ ان کی طاقت ہے، دیش کی طاقت ہے۔

- آپ کے ملک کا کیا نام ہے؟......................................
- دو صوبوں کے نام لکھیے؟...
- ہمارے ملک کی راجدھانی کا کیا نام ہے؟..........................

2- بورڈ پر دیے حروف سے لفظ بنائیے اور لکھیے:

جیسے: پ ا ن پان

....	....
....	....
....	....
....	....
....	....
....	....
....	....

ب ا ڈ ق ل
م چ ن ھ
ر آ ت د پ
ک گ

3- سبق کی بنیاد پر جواب لکھیے :

- امیر آدمی کیوں دکھی رہتا تھا؟..
- بندھی لکڑیاں کس نے توڑیں؟..
- بیٹے لکڑیاں کیسے توڑ سکے؟..

4 - خالی جگہ میں صحیح گنتی لکھیے :

100		300		500
	700		900	

5- جوڑیے:

$$\begin{array}{r} 15 \\ +\ 22 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 76 \\ +\ 13 \\ \hline \end{array}$$

6- گھٹایے:

$$\begin{array}{r} 79 \\ -\ 55 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 58 \\ -\ 36 \\ \hline \end{array}$$

اپنی جانچ آپ

نام ______________

پتہ ______________

داخلہ کی تاریخ ______________

جانچ کی تاریخ ______________

T3

1 - پڑھئے اور سوالوں کے جواب دیجیے:

آج عید کا چاند نظر آ گیا ہے۔لوگ ایک دوسرے کو مبارکباد دے رہے ہیں۔عورتیں سِوئیاں پکانے کی تیاری کر رہی ہیں۔لڑکیاں ہاتھوں میں مہندی لگانے کو تیار ہیں۔لڑکے باہر کو بھاگے۔کسی کو میوہ لانا ہے تو کسی کو درزی سے کپڑے لانے ہیں۔

- آج کیا نظر آیا ہے؟..
- عورتیں کیا پکانے کی تیاری کر رہی ہیں؟..................................
- لڑکیاں ہاتھوں پر کیا لگانا چاہتی ہیں؟.................................

2 - (✓) صحیح یا غلط (x) کا نشان لگایے:

صفائی سے ہی صحت ہے۔ (   )

لڑکیوں کی تعلیم ضروری نہیں ہے۔ (   )

سب کو جانکاری حاصل کرنے کا حق ہے۔ ( )

ٹیکے بچّوں کو نہیں لگانے چاہییے۔ ( )

3 - خالی جگہ میں صحیح لفظ بھریے:

- لڑکا.................برابر ہیں (لکڑی/لڑکی)
- نادرہ دعا .... ہے (دیتا/دیتی ہے)
- جانکاری پانے کا.........................ہے(ضروری/قانون)

4 - دی گئی تصویروں کے نام لکھئے اور ان سے جملے بنایے:

....

....

....

....

5 - چھٹی ہوئی گنتیاں لکھیے:

71	72		74	
76	77		79	
	82	83		85
	87	88		90
91		93		95
	97			100

100		300		500		700		900	

6 - سوالات حل کیجیے:

```
  4 3      5 7      7
+ 2 6    + 2 2    + 1
-----    -----    ----

-----    -----    ----

  6 9      8 7      8
- 2 6    - 2 4    - 2
-----    -----    ----

-----    -----    ----
```

نام اور دستخط رضا کار استاد ______________

محکمہ/سوسائٹی کا نام ______________

____

سبق-13

سلطان ناصرالدین

سلطان ناصرالدین ہندوستان کے بادشاہ تھے۔ بچپن میں ان کے چچا نے ان کو قید کر دیا تھا۔ قید میں وہ اپنے خرچ کے لیے قرآن شریف کی نقل کرتے تھے۔

بادشاہ بننے کے بعد بھی وہ اپنی آمدنی کے لیے قرآن شریف نقل کرتے رہے تاکہ ان کا بوجھ سرکاری خزانے پر نہ پڑے۔ ایک دفعہ ایک امیر نے ان کو زیادہ رقم دینی چاہی۔ اس دن سے سلطان قرآن چُھپا چُھپا کر دینے لگے۔

ان کی بیوی گھر کا کام خود کرتی تھیں۔ ایک دفعہ کھانا پکاتے وقت ان کا ہاتھ جل گیا۔ انہوں نے سلطان سے کہا کہ ایک خادمہ رکھ لیں۔

سلطان بولے: ''سرکاری خزانے کا روپیہ رعایا کا ہے۔ میری اتنی آمدنی نہیں کہ خادمہ رکھوں۔''

کیا ہم اپنے نیتاؤں اور کرمچاریوں کو بھی اس کسوٹی پر پرکھ سکتے ہیں۔

معنی سیکھیے

کسوٹی	ـــــــ	پرکھ
سلطان	ـــــــ	بادشاہ
رعایا	ـــــــ	پرجا
خادمہ	ـــــــ	نوکرانی
کرمچاری	ـــــــ	کام کرنے والا

اکائی، دہائی، سیکڑا، ہزار کے بارے میں سیکھیں

1 5

15 میں (5) اکائی ہے اور (1) دہائی ہے (یعنی یہ (1) 10 کے برابر ہے)

سمجھیے: اکائی۔ دہائی

15 =

0	5
1	0

$$\begin{array}{r} 05 \\ +\,10 \\ \hline 15 \\ \hline \end{array}$$

247 میں 7 اکائی ہے۔ 4 دہائی ہے جو 40 کے برابر ہے۔ 2 سیکڑا ہے جو 200 کے برابر ہے۔

سیکڑا	دہائی۔	اکائی۔
		7
	4	0
2	0	0

247 =

$$
\begin{array}{r}
7 \\
40 \\
+\ 200 \\
\hline
247 \\
\hline
\end{array}
$$

1000 میں پہلا 0 اکائی ہے دوسرا 0 دہائی ہے جو 10 کے برابر ہے تیسرا 0 سیکڑہ ہے جو 100 کے برابر ہے چوتھا 1 ہے جو 1000 کے برابر ہے۔

ہزار	سیکڑا۔	دہائی۔	اکائی۔
			7
		8	3
	9	1	0
1	0	0	0

1000 =

$$
\begin{array}{r}
7 \\
83 \\
+\ 910 \\
\hline
1000 \\
\hline
\end{array}
$$

مشق

1- پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے:

ووٹ دے کر ہم اپنا نیتا چُنتے ہیں۔ 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کو ووٹ دینے کا حق ہے۔ اس حق کا استعمال بہت سمجھداری سے کرنا چاہیے۔ کسی کے دباؤ یا لالچ میں آ کر غلط نیتا نہیں چننا چاہیے۔

- ہم اپنا نیتا کیسے چُنتے ہیں؟ ....
- کس عمر کے لوگ ووٹ دے سکتے ہیں؟ ....

2- دیے گئے لفظوں کے آگے 'ناک' یا 'داری' لگا کر لفظ بنایے:

جیسے: افسوس + ناک = افسوس ناک

درد .... چوکی ....

جانب .... خطر ....

3- سبق کی بنیاد پر جواب لکھیے۔

- سلطان ناصر الدین کون تھے؟ ....
- قید خانے میں ان کا خرچ کون چلاتا تھا؟ ....
- وہ قرآن کی نقل کیوں کرتے تھے؟ ....

....

4۔ کسی دوست یا رشتے دار کے بارے میں 3 جملے لکھیے :

....

....

....

5- گنتیوں کو ان کے مقام کے مطابق لکھیے :

76 =

دہائی	اکائی
0	6
7	0

235=

سیکڑا	دہائی	اکائی

6- جوڑیے:

دہائی	اکائی
	2
8	0

+

سیکڑا	دہائی	اکائی
		6
	7	0
9	0	0

+

سبق-14

گھر کی رونق

عارف کو بیٹے کی خواہش تھی۔لیکن پیدا ہوئی بیٹی۔سب اداس تھے۔

خالہ جان وہیں تھیں۔بول پڑیں یہ اداسی کیسی؟بیٹی تو گھر کی رونق ہے۔

عارف:آپ کی تو باتیں ہی نرالی ہیں۔

خالہ جان:زندگی نے سکھایا ہے یہ نرالا پن۔تمہارے خالو کے مرتے ہی بیٹوں نے جائیداد آپس میں بانٹ لی۔تب کس نے مجھے سہارا دیا؟

عارف: آپ کی بیٹی نے۔ وہ پڑھی لکھی تھی۔ کماتی تھی۔ اس کا شوہر بھلا تھا۔ کنبہ چھوٹا تھا۔ آپ کو تو وہ اپنے گھر کی برکت سمجھتے ہیں۔

خالہ جان: تم بھی اسے بیٹے کی طرح پالو پڑھاؤ، لکھاؤ۔ تو یہ کسی سے کم نہ ہوگی۔ لڑکے اور لڑکی کی پرورش میں فرق نہ کرنے والا جنّت میں جائے گا۔ لیکن تم اسے گھر کی رونق کی جگہ مصیبت سمجھ رہے ہو۔ کیا ایسا سمجھنا اس بچّی کے ساتھ انصاف ہے؟

حاصل کے جوڑ کے سوال سیکھیں

$$\begin{array}{r} \scriptstyle{(1)} \\ 35 \\ +\ 29 \\ \hline 64 \\ \hline \end{array}$$

سمجھیے:

پہلے اکائی کے مقام پر دیئے (5) اور (9) کو جوڑیں۔ ان کا جوڑ (14) ہوا۔

اب 14 کا 4 جو اکائی ہے اس کو اکائی کے نیچے رکھیں۔ 14 کا 1 دہائی ہے کیوں کہ یہ 1 دس کے برابر ہے۔ یہی 1 آپ کا حاصل ہے۔ اب اس حاصل کے 1 کو دہائی کی جگہ اوپر رکھ دیں۔ اب دہائی کی جگہ کے 1 3 اور 2 کو جوڑیں۔ ان کا جوڑ 6 ہوگا۔ اب اس 6 کو دہائی کی جگہ پر نیچے رکھیں۔ اس طرح آپ کا کل جوڑ 64 ہوگا۔

حاصل کے سوال حل کیجیے:

جیسے:

		1
	5	3
+	3	7
	9	0

		1
	7	6
+	1	5
	9	1

		1
	4	9
+	4	3
	9	2

		1
	6	8
+	1	2
	8	0

مشق

1۔ پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے :

غریب بیوا کی بیٹی کی شادی کے لیے سرکار سے 20,000 روپئے کی مالی امداد مل سکتی ہے۔ لیکن ایک خاندان کی صرف دو ہی بیٹیوں کے لئے یہ مدد مل سکتی ہے۔ مدد صرف ان کو ملتی ہے جن کے گھر کی سالانہ آمدنی 60,000 روپے سے زیادہ نہ ہو۔

- کس کی شادی کے لئے سرکار مدد دیتی ہے؟.......................................
- کتنے روپئے کی مدد ملتی ہے؟...
- ایک خاندان کی کتنی بیٹیوں کے لئے سرکار امداد دیتی ہے؟.........................

2۔ اوپر سے نیچے اور دائیں سے بائیں پڑھیے اور سبزیوں کے نام لکھیے :

اوپر سے نیچے	دائیں سے بائیں
....	....
....	....
....	....
....	....

چ	ر	م	و	ل	ا
ق		ب		و	د
ن	لا	ے	ع	ک	ر
د		گ		ی	ک
ر		ن	س	ہ	ل

[illegible]

3- صحیح پر (✓) اور غلط پر (x) کا نشان لگایے۔

عارف کے گھر بیٹا پیدا ہوا تھا۔	( )
عارف کے گھر سب خوش تھے۔	( )
خالہ کی بیٹی پڑھی لکھی تھی۔	( )
خالہ کی بیٹی نے خالہ کو سہارا نہیں دیا۔	( )

4- دی گئی تصویر کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

....

....

....

5- جوڑیے:

$$\begin{array}{r} 38 \\ +\ 34 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 54 \\ +\ 28 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 55 \\ +\ 35 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

سبق-15

دوست

پیڑ ہمارے دوست ہیں مگر انسان پیڑوں کے دشمن ہیں۔ وہ پیڑوں پر کلہاڑی چلاتے رہتے ہیں۔

ہم ماچس سے لے کر جہاز بنانے تک کے لئے پیڑ کاٹتے رہتے ہیں۔ جنگل کے جنگل صاف کر دیتے ہیں۔ لیکن پیڑ ہمیں پھل اور دوائیں دیتے ہیں۔ ان کی چھاؤں میں ہم آرام کرتے ہیں۔ چڑیاں بسیرا کرتی ہیں۔ اگر پیڑ نہ ہوں تو وہ کہاں جائیں گی؟

پیڑ گندی ہوا صاف کرتے ہیں۔ ان کی جڑیں زمین کو جکڑے رہتی ہیں تا کہ زرخیز مٹی باڑھ میں بہنے نہ پائے۔ پیڑ کم ہوں تو سوکھے کا خطرہ رہتا ہے۔ بارش کم ہوتی ہے۔

اگر آبادی کم ہو تو پیڑ کم کاٹنے پڑیں گے۔ اچھا ہوگا اگر ایک پیڑ کاٹنے سے پہلے ہم دو پودے لگادیں۔ تا کہ ان کی نسل بھی چلتی رہے اور ہماری زندگی بھی۔

ایک حدیث میں نبی کریمؐ نے فرمایا اگر کوئی شخص درخت لگائے یا کھیتی کرے اور اس سے کسی کو کھانا ملے تو یہ اس شخص کے لیے صدقہ ہوگا۔ جنگلی جانور اور پرندے بھی ان کا فائدہ اٹھائیں تب بھی صدقہ ہوگا۔

ہرے بھرے درختوں کو کاٹنے سے اللہ کے رسولؐ نے بھی منع فرمایا ہے۔

حاصل کے گھٹانے (ادھار) کے سوال سیکھیں

$$\begin{array}{rcc} & \textcircled{3} & \textcircled{13} \\ & \not{4} & 3 \\ - & 2 & 7 \\ \hline & 1 & 6 \\ \hline \end{array}$$

سمجھیے:

اکائی کی جگہ دیئے 7 کو 3 میں سے گھٹانا ہے۔ مگر 3 میں سے 7

نہیں گھٹ سکتا۔اس لئے 3 اپنے برابر والے 4 سے 1 ادھار لے گا۔
جو 10 کے برابر ہے۔ اب وہ 13 ہوجائے گا۔ 13 میں سے 7
گھٹائیں تو 6 بچے گا۔ 6 کو اکائی کی جگہ پرلکھ دیں گے۔ 4 میں سے 1
ادھارلیا گیا تھا اس لیے وہاں 3 رہ گیا۔اب 3 میں سے 2 گھٹائیں
گے۔باقی 1 بچے گا۔اب 1 کو دہائی کی جگہ رکھ دیں گے۔اس طرح جواب
16 ہوگا۔

مثال کے طور پر:

$$\begin{array}{r} \overset{5\ 10}{\cancel{6}\ 0} \\ -\ 2\ 6 \\ \hline 3\ 4 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} \overset{4\ 11}{\cancel{5}\ 1} \\ -\ 1\ 9 \\ \hline 3\ 2 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} \overset{3\ 12}{\cancel{4}\ 2} \\ -\ 1\ 5 \\ \hline 2\ 7 \\ \hline \end{array}$$

- **گھٹا کے عبارت کے سوال سیکھیں**

سیما کے پاس 60 روپیے تھے۔اس نے افروز کو 25 روپیے اُدھار دیے۔اب سیما
کے پاس کتنے روپیے بچے؟

$$\begin{array}{r} 6\ 0 \\ -\ 2\ 5 \\ \hline 3\ 5 \\ \hline \end{array}$$

مشق

1- دیے گئے پوسٹر کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے :

- پیڑ ہمارے کیا ہیں؟ ....
- ایک پیڑ کاٹنے سے پہلے کیا کریں؟ ....

2- چار پھل دار درختوں کے نام لکھیے؟

....

3- سبق کی مناسبت سے جواب لکھیے:

- پیڑ سے ملنے والے دو فائدے لکھیے؟

....

- پیڑ کاٹنے سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

....

4- گھٹائیے:

$$\begin{array}{r} 40 \\ -\ 22 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 54 \\ -\ 26 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 82 \\ -\ 35 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

$$\begin{array}{r} 50 \\ -\ 29 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 53 \\ -\ 28 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 62 \\ -\ 59 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

سبق-16

لکھو پڑھو آگے بڑھو

لکھو، پڑھو، آگے بڑھو
بامِ ترقی پر چڑھو

تعلیم کے ہتھیار سے
تکلیف سے، آزار سے

ہر ایک مصیبت سے لڑو
ڈرتے ہو کیوں آگے بڑھو

ہر سُو اندھیرا ہی سہی
ظلمت کا ڈیرا ہی سہی

لو علم کی سنگین لو
ظلمت کی چادر پھاڑ دو

شرماؤ مت جھینپو نہیں
ہمّت کرو، ہارو نہیں

مشکل ہے کیا، آسان کیا　　کر دو الف سے ابتدأ
پڑھ لکھ کر اس قابل بنو　　دنیا کو تم پہچان لو
پوچھو کہ یہ دنیا ہے کیا　　کیا ہے بُرا، اچھا ہے کیا
پوچھو کہ ہے مہنگائی کیوں　　ہر سو ستم آرائی کیوں
پیسہ ہے کیا، قسمت ہے کیا　　پوچھو کہ یہ محنت ہے کیا
یہ باغ وصحرا، یہ چمن　　پوچھو کہ تصویر وطن
نفرت سے کیوں ایسی ہوئی　　کیسی تھی اب کیسی ہوئی
ان سب سوالوں کے لیے　　ان کے جوابوں کے لیے

پڑھنا ضروری ہے پڑھو
کل کی طرف آگے بڑھو

معنی سیکھیے

بام ＿＿＿ منزل،کوٹھا
آزار ＿＿＿ بیماری
ہرسو ＿＿＿ ہرطرف
ظلمت ＿＿＿ اندھیرا
سنگین ＿＿＿ برچھی

ابتدا ＿＿＿ شروعات
ستم آرائی ＿＿＿ ظلم
صحرا ＿＿＿ ریگستان
چمن ＿＿＿ باغ
تصویرِوطن ＿＿＿ وطن کی تصویر

ضرب کرنا سیکھیں

ضرب کرنا سیکھیں:

- ایک ہی ہندسے کو بار بار جوڑنے کو ضرب کہتے ہیں۔
- یہ ضرب کا (x) نشان ہے۔

جیسے: 2 + 2 + 2 + 2 = 8 یا 4 x 2 = 8

لمبے لمبے جوڑ پہاڑے کی مدد سے کیے جاتے ہیں۔ یہاں 2 سے 5 تک کے پہاڑے دیے جا رہے ہیں۔ ان کو یاد کر لیں تو ضرب کرنا آسان رہے گا۔

2 x 1 = 2	3 x 1 = 3	4 x 1 = 4	5 x 1 = 5
2 x 2 = 4	3 x 2 = 6	4 x 2 = 8	5 x 2 = 10
2 x 3 = 6	3 x 3 = 9	4 x 3 = 12	5 x 3 = 15
2 x 4 = 8	3 x 4 = 12	4 x 4 = 16	5 x 4 = 20
2 x 5 = 10	3 x 5 = 15	4 x 5 = 20	5 x 5 = 25
2 x 6 = 12	3 x 6 = 18	4 x 6 = 24	5 x 6 = 30
2 x 7 = 14	3 x 7 = 21	4 x 7 = 28	5 x 7 = 35
2 x 8 = 16	3 x 8 = 24	4 x 8 = 32	5 x 8 = 40
2 x 9 = 18	3 x 9 = 27	4 x 9 = 36	5 x 9 = 45
2 x 10 = 20	3 x 10 = 30	4 x 10 = 40	5 x 10 = 50

ضرب کیجیے:

2 x 2 = 4　　2 x 5 = 10　　3 x 4 = 12

4 x 4 = 16　　2 x 9 = 18　　5 x 6 = 30

ضرب ایسے بھی کر سکتے ہیں:

$$\begin{array}{r} 5 \\ \times\ 3 \\ \hline 15 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 9 \\ \times\ 5 \\ \hline 45 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 12 \\ \times\ 6 \\ \hline 72 \\ \hline \end{array}$$

ان نشانات کو سمجھیے

خطرہ ہے، دور رہیں۔

ساکشر بھارت

یہاں ڈاکٹری مدد ملتی ہے

بیڑی سگریٹ پینا منع ہے۔

آگے ریلوے کراسنگ ہے۔

مزدور سڑک پر کام کر رہے ہیں۔

چھوٹا خاندان ہم دو ہمارا ایک۔

ایچ آئی وی/ایڈس

مشق

1- نیچے دیے گئے جملوں کو صحیح نشانوں سے ملایے:

جیسے: • آگے ریلوے کراسنگ ہے۔

• چھوٹا خاندان۔

• خطرہ ہے۔

• ساکشر بھارت

• سگریٹ پینا منع ہے۔

• یہاں ڈاکٹری مدد ملتی ہے۔

2- پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔

جہیز ایک سماجی برائی ہے۔ اسلام جہیز کے لین دین کی اجازت نہیں دیتا۔ ہمارے ملک کے قانون میں بھی یہ جرم ہے۔ جہیز لینے اور دینے والوں کو سخت سزا ہو سکتی ہے۔ لڑکیوں کا اصلی جہیز ان کی تعلیم اور تربیت ہے۔ تعلیم لڑکیوں میں خود اعتمادی پیدا کرتی ہے اور وہ اولاد کی بہتر تربیت کر سکتی ہے۔

- جہیز کیسی برائی ہے؟

....

- جہیز لینے اور دینے والوں کے ساتھ کیا ہو سکتا ہے؟

....

- لڑکیوں کے لیے تعلیم کیوں ضروری ہے؟

....

3- سبق کی بنیاد پر جواب لکھیے:

- نظم میں پڑھ لکھ کر کیا پوچھنے کو کہا ہے؟

....

....

4 - پڑھنے لکھنے کے دو فائدے لکھیے :

....

....

5 - کسی نظم یا گیت کی دو لائنیں لکھیے :

....

....

6 - دی گئی تصویر کے بارے میں تین جملے لکھیے :

....

....

....

-7 خالی جگہ بھرتے ہوئے 2,3,4 اور 5 کے پہاڑے پورے کیجیے:

2	4		8		12	14			20
3		9		15			24		30
4	8			20		28		36	
5		15		25		35	40		50

-8 ضرب کیجیے:

```
   3        7        8
x  6     x  3     x  5
-----    -----    -----

-----    -----    -----

  18       25       32
x  3     x  4     x  2
-----    -----    -----

-----    -----    -----
```

نام ________________
پتہ ________________
داخلہ کی تاریخ ________________
جانچ کی تاریخ ________________

اپنی جانچ آپ

T4

1 - پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے:

اسلام پانی کی بربادی کی اجازت نہیں دیتا۔ایک حدیث کے مطابق ایک بار ایک صحابی نے پیارے نبیؐ سے پوچھا۔"کیا وضو کے دوران زیادہ پانی کا استعمال بھی اس کی بربادی ہے۔"

نبیؐ نے فرمایا۔"ہاں! اگر تم بہتی ندی پر ہو تو بھی وضو کے لئے زیادہ پانی استعمال کرنا اسے برباد کرنے جیسا ہی ہے۔"

- اسلام کس کی اجازت نہیں دیتا؟ ....
- نبیؐ سے کس نے سوال کیا؟ ....
- وضو کے لئے زیادہ پانی کا استعمال کیوں منع ہے؟ ....

-2 صحیح پر (✓) اور غلط پر (x) کا نشان لگایے:

- سلطان ناصرالدین اپنا خرچ چلانے کے لیے قرآن شریف پڑھاتے تھے۔( )
- خالہ کی بیٹی نے انہیں سہارا نہیں دیا۔( )

- اچھا ہوگا ایک پیڑ کاٹنے سے پہلے دو پودے لگا دیں۔( )
- لڑکوں کی طرح لڑکیوں کی تعلیم بھی ضروری ہے۔( )

3- دیے گئے نشانات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ لکھیے :

....

....

....

4- دی گئی رقم کو ان کے صحیح مقام پر لکھیے؟

اکائی ، دہائی ، سیکڑا

534 =

5- جوڑیے۔

$$\begin{array}{r} 57 \\ +\ 36 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 27 \\ +\ 54 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

6- گھٹایئے:

$$\begin{array}{r} 86 \\ -\ 55 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 75 \\ -\ 56 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

7- ضرب کیجیے:

5 x 3 =...........

$$\begin{array}{r} 26 \\ \times\ 4 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

8- خالی جگہ پر صحیح پہاڑے لکھیے:

4	8								

دستخط رضا کار استاد ____________________

ایجنسی/ضلع کا نام ____________________

____

سبق-17

ہنسو مسکراؤ

1۔ ایک آدمی عورت کے سینے پر پستول تان کر بولا، ''اگر زندگی چاہتی ہو تو اپنا پرس میرے حوالے کر دو۔''

عورت بولی، ''یہ لو''

بدمعاش ہنستے ہوئے، ''تم کتنی بے وقوف ہو۔ میرا پستول تو خالی ہے۔''

عورت اور بھی زور سے ہنستے ہوئے، ''تو میرا پرس کون سا بھرا ہے۔ یہ بھی تو خالی ہے۔''

2۔ فیکٹری کے ملازم نے منیجر سے کہا، ''صاحب اب تو میری تنخواہ بڑھا دیجیے۔ کیوں کہ میری شادی ہو گئی ہے۔''

منیجر نے مسکراتے ہوئے جواب دیا، ''نہیں، فیکٹری کے باہر کسی بھی حادثے کے لیے ہم ذمّہ دار نہیں ہیں۔''

3۔ ایک جلسہ میں نیتا جی تقریر کر رہے تھے، ''ہمیں خوراک کی پریشانی کے حل کے لئے زیادہ سے زیادہ اناج اگانا چاہیئے۔ تاکہ ہماری خوراک کا مسئلہ حل ہو۔'' تب ہی ایک شرارتی بولا، ''گھاس اگانے کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے۔''
نیتا جی فوراً بولے، ''تمہاری خوراک کی پریشانی پر بعد میں چرچا کریں گے۔''

معنی سیکھیے

تنخواہ	پگار	چرچا	بات چیت
خوراک	کھانا	مسئلہ	پریشانی

پہاڑے سیکھیں

6 سے 10 تک کے پہاڑے سیکھیے:

6 x 1 = 6	7x1=7	8x1=8	9x1=9	10 x 1 = 10
6 x 2 = 12	7x2=14	8x2=16	9x2=18	10 x 2 = 20
6 x 3 = 18	7x3=21	8x3=24	9x3=27	10 x 3 = 30
6 x 4 = 24	7x4=28	8x4=32	9x4=36	10 x 4 = 40
6 x 5 = 30	7x5=35	8x5=40	9x5=45	10 x 5 = 50
6 x 6 = 36	7x6=42	8x6=48	9x6=54	10 x 6 = 60
6 x 7 = 42	7x7=49	8x7=56	9x7=63	10 x 7 = 70
6 x 8 = 48	7x8=56	8x8=64	9x8=72	10 x 8 = 80
6 x 9 = 54	7x9=63	8x9=72	9x9=81	10 x 9 = 90
6x10=60	7x10=70	8x10=80	9x10=90	10x10=100

گھڑی دیکھنا سیکھیں

وقت کو مہینے، دن، گھنٹہ، منٹ اور سیکنڈ میں ناپتے ہیں

وقت کے ناپ:

60 سیکنڈ = 1 منٹ

60 منٹ = 1 گھنٹہ

24 گھنٹہ = ایک دن

7 دن = ایک ہفتہ

دی گئی گھڑی دیکھیے۔ اس کی پوری گولائی 12 برابر حصّوں میں بٹی ہے۔ ان حصّوں پر ایک سے بارہ تک ہندسے لکھے ہیں۔ یہ گھنٹوں کے ہندسے ہیں۔ بڑی سوئی منٹ والی ہے۔ یہ ایک ہندسے سے دوسرے ہندسے پر 5 منٹ میں پہنچتی ہے۔ یہ گھڑی کا چکر ایک گھنٹہ میں پورا کر لیتی ہے۔ گھنٹہ والی چھوٹی سوئی ایک ہندسے سے دوسرے ہندسے تک ایک گھنٹہ میں جاتی ہے۔ یہ 12 گھنٹہ میں گھڑی کا چکر پورا کرتی ہے۔

کچھ گھڑیوں میں سوئی کے بجائے صرف ہندسے ہی ہوتے ہیں۔ ایسی گھڑیاں موبائل فون میں عام ہیں۔ جیسے نیچے دی گئی تصویر میں 12 بجکر 5 منٹ ہوئے ہیں۔

- گھڑیوں میں وقت دیکھنا سیکھیے :

12 بجنے میں 20 منٹ باقی ہیں

8 بج کر 15 منٹ ہوئے ہیں

2 بج کر 40 منٹ ہوئے ہیں

مشق:

1- پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے:

اچھّی صحت کے لئے صحیح خوراک بہت ضروری ہے۔ صحیح خوراک کی کمی ہو تو جسم میں کمزوری آ جاتی ہے۔ کئی طرح کی بیماریاں لگ سکتی ہیں۔ صحیح خوراک کا مطلب ہے ملا جلا کھانا۔ اس میں جسم کے لیے سبھی ضروری چیزیں شامل ہوں۔ جیسے ہری سبزی، دال، اناج، دودھ، دہی اور انڈا وغیرہ۔

- اچھی صحت کے لئے کیا ضروری ہے؟

....

- صحیح خوراک کی کمی سے کیا ہو سکتا ہے؟

....

2- ہر خانے سے ایک ایک لفظ چن کر تین جملے بنایے:

خوراک	بڑھ	جا رہے	ہیں	جیسے: خوراک کی کمی ہے
پانی		کمی		
آبادی	گھٹتے	رہی	ہے	
جنگل	کی	رہے		

دیے گئے حروف سے جملے بنا کر لکھیے :

جیسے : عید۔ آج عید کی چہل پہل ہے۔

میل ملاپ ....

مزدوری ....

لکڑی ....

3- خالی جگہ میں صحیح لفظ لکھیے :

- آدمی نے عورت کے سینے پر .... تان کر کہا۔ (پستول / پھول)
- ملازم بولا تنخواہ بڑھایئے کیوں کہ میری .... ہوگئی۔ (بربادی / شادی)
- ایک جلسہ میں نیتا جی .... کر رہے تھے۔ (تقریر / تقدیر)

4 - خالی جگہ بھرتے ہوئے 6,7,8,9 کے پہاڑے پورے کیجیے :

6		18		30		42		54	60
7	14		28		42		56		70
8		24		40		56		72	
9	18		36		54		72		90

- گھڑیوں میں کیا وقت ہو رہا ہے لکھیے :

...... بجنے میں ...... منٹ

...... بجنے میں ...... منٹ

...... بج کر ...... منٹ

سبق-18

لکھیں

(والد کے نام خط)

جامعہ نگر، نئی دہلی
27.10.13

ابّا جان۔ السّلام علیکم

آپ کا خط ملا۔ فاطمہ کی بیماری کا حال سن کر پریشانی ہوئی۔ اس کو کسی نیم حکیم کو نہ دیکھائیں۔ سرکاری اسپتال میں یا تربیت یافتہ دائی کو ہی دکھائیں۔ ماں اور بچّہ کے لیے بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس کی غذا کا خاص خیال رکھیں۔ ٹیٹنس کے ٹیکے بھی ضرور لگوا دیجیے گا۔ میں کوشش کروں گا کہ اگلے مہینے زیادہ روپئے بھیجوں۔

امّاں کی صحت اب کیسی ہے؟ ان سے کہیے اپنا خیال رکھیں۔

گھر کے سب بڑوں کو سلام اور چھوٹوں کو دعا کہیے۔

آپ کا بیٹا
سلطان احمد

بخدمت جناب ایگزیکیوٹیو انجینئر صاحب
ایم۔سی۔ڈی لاجپت نگر،
نئ دہلی۔110024 30.10.13

آداب۔
جناب والا نئی بستی میں نالیوں کی صفائی کا کوئی انتظام نہیں ہےاور نہ برساتی پانی کی نکاسی کا۔گھروں کے سامنے پانی جمع ہوجاتا ہے۔آپ سے درخواست ہے کہ براہِ کرم پانی کی نکاسی کا کوئی معقول انتظام فرمادیں۔ہم سب آپ کے شکرگزار ہوں گے۔

باشندگانِ نئی بستی،گلی نمبر 9

احمد خاں	دنیش کمار
شکیلہ بیگم	کملا دیوی
رام کمار	کملیش کماری

معنی سیکھیے

نیم حکیم	ــــــ	اناڑی ڈاکٹر/حکیم
نکاسی	ــــــ	نکلنے کا راستہ
معقول	ــــــ	صحیح/درست

روپیے پیسے کے بارے میں جانیے

روپیے پیسوں کو اس طرح بھی لکھا جاتا ہے:

20روپیے 50 پیسے = 20.50روپیے

100روپیے 75 پیسے = 100.75روپیے

جوڑیے:

پیسے	.	روپیے
00	.	80
75	.	+ 15
75	.	95

پیسے	.	روپیے
50	.	27
25	.	+ 25
75	.	52

گھٹایئے:

پیسے	.	روپیے
50	.	56
00	.	– 32
50	.	24

پیسے	.	روپیے
50	.	22
50	.	– 12
00	.	10

روپیے لکھنے کی جگہ ` کا نشان بھی لگا سکتے ہیں۔ جیسے: 35`

مشق

-1 پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے:

آج کل کھوج چل رہی ہے کہ زلزلہ سے پہلے ہی اس کی خبر لگ جائے۔ اس سے کچھ حد تک جان بچائی جا سکتی ہے۔ لیکن تباہی سے بچنے کے لیے انسان کو خود بھی تیاری کرنی ہوگی۔ زلزلہ آنے پر زیادہ تر موتیں سر پر چوٹ لگنے اور بھگدڑ سے ہوتی

ہیں۔اس لیے لوگوں کو چاہیے کہ سر کو بچائیں۔ بھگدڑ نہ مچائیں اور کھلے میں پہنچ جائیں۔لوگوں کو ایسے گھر بنانے کی جانکاری بھی دی جائے جن کے گرنے سے جان اور مال کا کم نقصان ہو۔

- آج کل کیا کھوج چل رہی ہے؟

....

- زلزلہ آنے پر زیادہ تر موت کیسے ہوتی ہیں؟

....

- لوگوں کو کیسے گھر بنانے کی جانکاری دی جاسکتی ہے؟

....

2- اپنے کسی دوست یا سہیلی کو خط لکھیے جس میں اپنی پڑھائی لکھائی کے بارے میں لکھیے ۔اس کا پتہ بھی لکھیے :

....

....

....

....

....

....

....

....

....

پتہ : ....

....

....

3- اپنے علاقے کے صفائی افسر کے نام ایک درخواست لکھیے ۔ ان سے درخواست کیجیے کہ مچّھروں کو مارنے اور کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر دوائیں چھڑکنے کا انتظام کریں ۔ اپنا پتہ بھی لکھیے ۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

پتہ : ....

....

4 - ہندسوں میں لکھیے :

200روپئے75پیسے = ...

450روپئے50پیسے = ...

5-جوڑیے:

روپیے . پیسے	روپیے . پیسے
150 . 75	53 . 50
+ 220 . 20	+ 16 . 25
______	______

6 - گھٹایے:

روپیے . پیسے	روپیے . پیسے
530 . 75	70 . 65
–120 . 10	– 10 . 50
______	______

سبق-19

عقلمندی

ایک پیڑ پر چڑیوں کا ایک جوڑا بسیرا کرتا تھا۔اسی پیڑ پر ایک کوّا بھی رہتا تھا۔
کچھ دن بعد چڑیا نے انڈے دیئے۔انڈوں سے پیارے پیارے بچّے نکلے۔

پیڑ میں ایک سانپ کا بل تھا۔ایک دن سانپ پیڑ پر چڑھ کر چڑیا کے بچّوں کو کھا
گیا۔
کوّا گھوم گھام کر آیا تو چڑیوں نے رو رو کر اسے اپنی بپتا سنائی۔کوّا بہت دکھی
ہوا۔آخر اُسے ایک ترکیب سوجھی۔ وہ صبح محل کی طرف گیا۔وہاں راجا حوض پر نہا رہا

تھا۔اس کے کپڑے اور ہار وغیرہ وہیں رکھے تھے۔کوّا ہار چونچ میں دبا کر اڑ گیا۔
سپاہی اس کے پیچھے بھاگے۔کوّا اڑتے اڑتے اپنے پیڑ پر پہنچا۔اس نے ہار سانپ
کے بل میں گرا دیا۔سپاہیوں نے ہار اٹھانا چاہا تو سانپ پھنکارا۔سپاہی نے تلوار نکال
کر ایک ہی وار سے سانپ کا کام تمام کر دیا۔چڑیاں اوپر پیڑ پر بیٹھی سارا ماجرہ دیکھ رہی
تھیں۔سب نے سانپ کے مرنے پر چین کی سانس لی اور کوّے کا شکریہ ادا کیا۔

معنی سیکھیے

بسیرا	____	رہنا
بپتا	____	پریشانی
حوض	____	نہانے کا تالاب
وار	____	حملہ
ماجرا	____	حالات/ واقعہ

آؤ حساب سیکھیں

تقسیم کرنا سکھیں :

- کسی چیز کو برابر برابر حصّوں میں بانٹنے کو تقسیم کہتے ہیں۔
- یہ تقسیم کا (÷) نشان ہے
- تقسیم پہاڑے کی مدد سے کیا جا تا ہے

8 چیزوں کو اگر دو برابر حصّوں میں بانٹیں تو ہر حصّہ میں 4 چیزیں آئیں گی۔
8 کو بانٹنے کے لئے 4 کا پہاڑا دوبار پڑھیں۔ یعنی 8 کو 4 سے تقسیم کریں تو 2 آئے گا۔

جیسے: 4) 8 (2
8
0

اس کو ایسے بھی لکھتے ہیں $8 \div 4 = 2$

مشق

1- عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے :

پانی تیزی سے کم ہو رہا ہے۔ زمین کے نیچے کا پانی بہت تیزی سے نیچے جا رہا ہے۔ نل اور برمے سوکھتے جا رہے ہیں۔ اگر ہم نے پانی کی بچت شروع نہیں کی تو بہت جلد پینے کا پانی بھی نہیں ملے گا۔ اللہ کے رسولؐ نے بھی پانی کی فضول خرچی کو پسند نہیں فرمایا۔ آپؐ خود بھی نہانے اور وضو میں ضرورت سے زیادہ پانی استعمال نہیں کرتے تھے۔

- نل اور برمے کیوں سوکھ رہے ہیں؟

....

- اگر پانی کی بچت نہ کی تو کیا ہوگا؟

....

- اللہ کے رسولؐ نے کیا پسند نہیں فرمایا؟

....

-2 جملے کے دو حصّوں کو لائن سے ملا کر جملہ پورا کیجیے۔

پیڑ میں	چونچ میں دبا کر اڑ گیا۔
پیڑ پر	چڑیا کا جوڑا رہتا تھا۔
راجہ	حوض پر نہا رہا تھا۔
کوّا ہار	ایک سانپ کا بل تھا۔

-3 تقسیم کیجیے:

2) 6 (5) 20 (7) 21 (

6) 30 (8) 32 (9) 18 (

سبق-20

حوصلہ

شکیلہ اوراس کا پڑوسی سلیم فیکٹری میں ایک ساتھ کام کرتے تھے۔شکیلہ کی تنخواہ -/1400 روپیے تھی۔لیکن سلیم کو اسی کام کے -/1700 روپیے ملتے تھے۔ جب شکیلہ کو یہ پتہ چلا تو اس کا ماتھا ٹھنکا۔کام دونوں کے برابر۔ پھر تنخواہ برابر کیوں نہیں۔ شکیلہ نے مالک سے بات کی۔لیکن مالک نے جھڑک کر اسے بھگا دیا۔

شکیلہ کے پڑوس میں ہی ایک وکیل صاحب رہتے تھے۔شکیلہ نے ان کو سارا ماجرہ بتایا۔وکیل صاحب نے بتایا کہ قانون کی نظر میں عورت مرد دونوں برابر ہیں۔

ان کو ایک سے کام کے لئے ایک جیسی مزدوری پانے کا حق ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو وہ عدالت جا سکتی ہیں۔

شکیلہ نے اس ناانصافی کے خلاف آواز اٹھائی۔ اس نے فیکٹری کی ساری عورتوں کو جمع کیا۔ پھر سب نے مل کر عدالت میں مقدمہ درج کرا دیا۔ کچھ دن بعد مقدمہ چلا۔ عورتوں نے کافی دوڑ بھاگ کی۔ آخر کار فیصلہ انھیں کے حق میں ہوا۔

اب فیکٹری میں عورتوں کو مردوں کے برابر مزدوری ملتی ہے۔ فیکٹری کا مالک بھی سمجھ گیا ہے۔ عورتیں اب سمجھدار اور جانکار ہو گئی ہیں۔

معنی سیکھیے

ماتھا ٹھنکا	______	شک ہوا
ناانصافی	______	بےانصافی
جھڑکنا	______	ڈانٹنا
درج	______	لکھنا
ماجرا	______	قصہ/ واقعہ

گرام اور کلوگرام کے بارے میں جانیے

- وزن کو گرام، کلوگرام، کوئنٹل اور ٹن میں تولہ جاتا ہے۔ تولنے کے لئے نیچے دیئے گئے باٹ استعمال ہوتے ہیں۔

1 کلوگرام

500 گرام

200 گرام

100 گرام

50 گرام

- 1 کلوگرام میں 1000 گرام ہوتے ہیں۔

  1 کلوگرام = 1000 گرام۔

- ایک کوئنٹل میں 100 کلوگرام ہوتے ہیں۔

  100 کلوگرام = 1 کوئنٹل

- اس کو دونوں طرح سے لکھا جا سکتا ہے:

8 کلو 500 گرام	یا	8.500 کلوگرام
6 کلو 750 گرام	یا	6.750 کلوگرام

- گرام اور کلو گرام جوڑنا اور گھٹانا سیکھیں:

جوڑیے:

	کلو گرام	.	گرام
	65	.	500
+	25	.	250
	90	.	750

گھٹایے:

	کلو گرام	.	گرام
	55	.	750
-	45	.	250
	10	.	500

مشق

1- دی گئی خبر پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے:

عورتوں نے کیا چکّا جام

نئ دہلی۔ 27/ جون، آج علاقہ منگول پوری کی عورتوں نے چکّا جام کیا۔اس وجہ سے ٹریفک 3 گھنٹے رکا رہا۔منگول پوری میں ہر دوسرے دن بجلی غائب رہتی ہے۔

عورتوں نے دفتروں کے بہت چکّر کاٹے۔لیکن سنوائی نہ ہوئی آخرانہوں نے چکّا جام کیا۔ اعلیٰ افسران کی مداخلت سے حالات قابو میں آئے۔

- یہ کہاں کی خبر ہے؟ ....

- یہ کب کی خبر ہے؟ ....

- عورتوں نے کیا کیا؟ ....

2- دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ بھریے:

ماتھا، فیکٹری، سمجھدار

- شکیلہ .... میں کام کرتی تھی۔
- شکیلہ کو پتہ چلا تو اس کا ....ٹھنکا۔
- عورتیں اب ....ہوگئی ہیں۔

3- سبق کی مناسبت سے جواب دیجیے:

- شکیلہ نے کس چیز کے خلاف آواز اٹھائی؟ ....
- شکیلہ اور سلیم کی تنخواہ میں کتنا فرق تھا؟ ....
- شکیلہ کے پڑوس میں کون رہتا تھا؟ ....

4- لکھیے:

1 کوئنٹل = ...کلوگرام
10 کوئنٹل = ...ٹن
5 کلو 750 گرام =

1 کلوگرام = ...گرام
500 گرام = ...کلوگرام
8 کلو 250 گرام =

5- جوڑیے:

گرام	.	کلوگرام
250	.	45
200	.	12 +

6- گھٹایے:

گرام	.	کلوگرام
750	.	27
500	.	13 –

اپنی جانچ آپ
T-5

نام ____________________

پتہ ____________________

داخلہ کی تاریخ ____________________

جانچ کی تاریخ ____________________

1- پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

سرکار نے غریبوں کے لیے کئی اسکیمیں چلائی ہیں۔ بوڑھوں کے لیے ''بزرگ پنشن اسکیم'' ہے۔ قادر خان کو ''بزرگ پنشن اسکیم'' کے تحت پنشن ملتی ہے۔ اس کی عمر 60 سال سے زیادہ ہے اور اس کے کنبہ کی سالانہ آمدنی 60,000 روپیے سے کم ہے۔ اس کو ہر ماہ 1000 روپیے پنشن ملتی ہے۔

- بزرگ پنشن اسکیم کس کے لیے ہے؟

....

- قادر خاں کی عمر کیا ہے؟

....

- ان کے کنبہ کی سالانہ آمدنی کیا ہے؟

....

2- خالی جملہ بھریے:

- خوراک کی پریشانی کے حل کے لیے زیادہ ____ اگانا چاہیے۔
- فاطمہ کی بیماری کا حال سن کر ____ ہوئی۔
- سپاہیوں نے ہار اٹھانا چاہا تو ____ پھنکارا۔
- فیکٹری میں عورتوں کو ____ کے برابر مزدوری ملتی ہے۔

3- اپنے والد کو دو تین جملے کا خط لکھیے جس میں اپنی خیریت اور صحت کا حال لکھیے۔ ان کا پتہ بھی لکھیے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

4- گھڑی میں کیا بجا ہے؟

.........بج کر..........منٹ

..........بجے ہیں۔

-5 نیچے لکھے سوالوں کے جواب دیجیے۔

– ایک منٹ میں ....سکینڈ ہوتے ہیں۔

– 2 گھنٹے میں ....منٹ ہوتے ہیں۔

-6 سوالوں کے جواب لکھیے۔

– 1 کلو میں کتنے گرام ہوتے ہیں۔ ....گرام۔

– 100 کلوگرام کے کتنے کوئنٹل ہوں گے۔ ....کوئنٹل۔

– ہندسوں میں لکھیے دوسو پچاس روپیے۔ ....

-7 دیے گئے سوالات حل کیجیے۔

جوڑیے۔

پیسے		روپیے
75	-	150
10	-	+ 25

پیسے		روپیے
50	-	75
40	-	+ 3

C:\DOCUMENTS AND SETTINGS\KISHAN\DESKTOP\NEW FINAL URDU BOOK\IBTADA-FINAL-LAST.INP 2/13/2014 1:24 PM PAGE 130 (1,1)

8- گھٹایے۔

گرام۔ کلوگرام	گرام۔ کلوگرام
15 - 200	10 - 750
− 13 - 100	− 8 - 500

9- جوڑیے۔

4+8= ☐ 5+6= ☐

دستخط ٹیچر رضا کار استاد ____________

ایجنسی/ضلع کا نام ____________

____

____

سبق-21

روشنی کی کرن

شہر کے بیچ مزدوروں کی بستی تھی۔ جس میں ہندو، مسلمان، مدراسی اور بہاری سبھی رہتے تھے۔ یہ دن بھر کام کرتے۔ شام کو مل بیٹھتے۔ ایک دوسرے کا سکھ دکھ سنتے۔

رام دین اور کلیم پڑوسی تھے۔ دونوں میں بڑی دوستی تھی۔

ایک رات اچانک بستی میں بھگدڑ مچ گئی۔ چاروں طرف ''ہر ہر مہادیو'' اور ''اللہ اکبر'' کی آوازیں گونجنے لگیں۔ رام دین اور کلیم باہر نکلے تو دیکھا جھونپڑیاں

جل رہی تھیں۔

رام دین بولا: یہ تو سماج کے دشمنوں کے کھلواڑ ہیں۔

کلیم بولا: لیکن ہمیں اس جھگڑے سے کیا لینا۔ ہمیں تو آگ بجھانی چاہئے۔

وہ آگ بجھانے میں لگ گئے۔ 101 نمبر پر ٹیلی فون کرنے پر آگ بجھانے والے انجن بھی آ گئے۔

آگ بجھ گئی لیکن نفرت کا ماحول رہ گیا۔ کل کے بھائی بند آج ایک دوسرے کے دشمن ہو گئے۔ کچھ دن خوف کا ماحول بنا رہا۔ پھر دھیرے دھیرے بچّوں کی ٹولیاں میدان میں کھیلنے کو جمع ہونے لگیں۔ وہ ہندو، مسلمان، مدراسی اور بہاری نہیں تھے، بس بچّے تھے۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے بستی میں کچھ ہوا ہی نہ ہو۔

رام دین اور کلیم یہ تماشا دیکھ رہے تھے۔ وہ خوش ہو رہے تھے کہ نفرت کے اس ماحول میں روشنی کی ایک کرن تو دکھائی دی۔

لیٹر اور ملی لیٹر کے بارے جانیے

رقیق چیزیں جیسے تیل، دودھ، پانی وغیرہ کو ناپنے کے لیے لیٹر کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک لیٹر میں 1000 ملی لیٹر ہوتے ہیں۔ لیٹر کے برتن پر لکھا ہوتا ہے کہ اس میں کتنے لیٹر چیز سما سکتی ہے۔

1 لیٹر   500 ملی لیٹر   200 ملی لیٹر   100 ملی لیٹر   50 ملی لیٹر

لیٹر میں لکھنے کا طریقہ:

1 لیٹر 500 ملی لیٹر   یا   1.500 لیٹر

5 لیٹر 750 ملی لیٹر   یا   5.750 لیٹر

- جوڑیں:

	لیٹر	.	ملی لیٹر
	4	.	500
+	3	.	250
	7	.	750

	لیٹر	.	ملی لیٹر
	6	.	250
+	3	.	200
	9	.	450

- گھٹائیں:

	لیٹر	.	ملی لیٹر
	4	.	500
-	3	.	250
	1	.	250

	لیٹر	.	ملی لیٹر
	6	.	250
-	3	.	200
	3	.	50

مشق

1- پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے :

اگر تمہارے گھر کے ایک کمرے میں آگ لگی ہو۔تو کیا تم دوسرے کمرے میں سو سکتے ہو؟ اگر تمہارے گھر کے ایک کمرے میں لاشیں سڑ رہی ہوں۔تو کیا تم دوسرے کمرے میں عبادت کر سکتے ہو؟ اگر ہاں تو مجھے تم سے کچھ نہیں کہنا۔

- آپ کب نہیں سو سکتے ؟

....

- آپ کب عبادت نہیں کر سکتے ؟

....

2- ٹوٹے ہوئے جملوں کو لائن سے جوڑ کر پورا کیجیے:

جیسے:

بستی میں ہندو بھی تھے اور	مزدوری پر جاتے تھے
جھونپڑیاں جل	مسلمان بھی
ہم آگ تو	رہی تھیں
دونوں ساتھ ساتھ	بجھا سکتے ہیں

3- سبق کی بنیاد پر سوالوں کے جواب لکھیے :

- رام دین اور کلیم کون تھے؟...

• آگ بجھانے کے لئے کس نمبر پر فون کیا گیا؟..............................
• بچّے کیا کرنے لگے؟..

4- تصویر کے بارے میں تین جملے لکھیے:

....

....

....

5- جواب لکھیے:

ایک لیٹر میں کتنے ملی لیٹر ہوتے ہیں؟....................................

6 لیٹر 250 ملی لیٹر کو ہندسوں میں لکھیے....................................

6- سوالات حل کیجیے:

• جوڑیے:

	لیٹر	.	ملی لیٹر
	4	.	250
+	3	.	010

• گھٹایے:

	لیٹر	.	ملی لیٹر
	9	.	750
–	3	.	500

سبق-22

اپنی مدد آپ

''سہیلی'' گروپ کے سبھی ساتھی بیٹھے تھے۔ یاد کر رہے تھے وہ شام جب ریحانہ کا بچّہ درد سے تڑپ رہا تھا۔ اس کے علاج کے لیے 2000 روپیے کی رقم کسی کے پاس نہ تھی۔

آخر سعیدہ نے پہل کی۔ جو کچھ اس کے پاس تھا۔ ریحانہ کے آگے رکھ دیا۔ پھر فرزانہ، عائشہ، چھمی بوّا بھی پیچھے نہ رہیں۔ پھر 2000 روپیے جمع ہوتے دیر نہ لگی۔

لیکن اس حادثہ نے سبھی کی آنکھیں کھول دیں۔ سب کو لگا کہ ایسا ان کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ اس حادثہ کے نتیجہ میں ''سہیلی'' سیلف ہیلپ گروپ (ایس۔ ایچ۔ جی) بنا۔ ''سہیلی'' میں 14 ممبر ہیں۔ گروپ کی میٹنگ ہر مہینے ہوتی ہے۔ سبھی ممبر پچاس پچاس روپیہ جمع کرتے ہیں۔

سب نے مل جل کر رخسانہ کو صدر اور عائشہ کو خزانچی چنا ہے۔ بچت کی رقم میں سے ممبروں کو ادھار دیا جاتا ہے۔ ادھار کام دھندا چلانے، علاج، بچّوں کی پڑھائی اور شادی بیاہ وغیرہ کے لئے دیا جاتا ہے۔

دھیرے دھیرے سہیلی گروپ علاقے کی بھلائی کی بات بھی کرنے لگا۔

سہیلی' گروپ کی شہرت سن کر علاقہ کے بینک منیجر نے انھیں بلایا۔ بتایا کہ بینک بھی ایسے گروپ کو ادھار دیتے ہیں۔ اس کے لئے وہ سبھی ممبروں سے ملیں گے اور کاغذات کی جانچ کریں گے۔ اس خبر سے سبھی ممبر خوش ہوئے۔

معنی سیکھیے

آنکھیں کھلنا ___ جان جانا		کام دھندا ___ کاروبار	
صدر ___ مکھیا		خزانچی ___ پیسہ جمع رکھنے والا	

میٹر اور کلومیٹر کے بارے میں جانیے

- لمبائی، چوڑائی اور دوری پہلے گز، فٹ اور انچ میں ناپی جاتی تھی۔ اب لمبائی میٹر اور سینٹی میٹر میں ناپی جاتی ہے۔

- 100 سینٹی میٹر 1 میٹر کے برابر ہوتا ہے۔ 100 سینٹی میٹر = 1 میٹر
- 1000 میٹر برابر ہے 1 کلومیٹر کے۔ 1000 میٹر = 1 کلومیٹر
- اس کو اس طرح بھی لکھا جاتا ہے:

4 میٹر 50 سینٹی میٹر یا 4.50 میٹر

- سینٹی میٹر، میٹر اور کلومیٹر کا جوڑ اور گھٹا:

جوڑیے:

	سینٹی میٹر	:	میٹر
	32	.	48
+	12	.	30
	44	.	78

گھٹایے:

	میٹر	:	کلومیٹر
	75	.	50
–	50	.	20
	25	.	30

مشق

1- پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے :

سیلف ہیلپ گروپ کے ممبروں کو بھی بینک سے ادھار مل سکتا ہے۔ الگ الگ ادھار لینے پر بہت زیادہ کاغذی کارروائی کرنی پڑتی ہے۔ اس لیے گروپ کے نام پر ادھار لیں۔ گروپ کے ممبر فارم پر دستخط کریں۔ بینک سیدھے گروپ کو ادھار دے گا۔ بعد میں گروپ اس رقم میں سے ممبروں کو ان کی ضرورت کے مطابق ادھار دے گا۔ ممبر چھوٹی چھوٹی قسطوں میں ادھار ادا کر سکتے ہیں۔

- بہت ساری کاغذی کارروائی کب کرنی پڑتی ہے؟

....

- ممبروں کو ادھار کون دے گا؟

....

- ممبر کیسی قسطوں میں ادھار ادا کر سکتے ہیں؟

....

2 - خالی جگہ بھریں:

- بچّے کے............کے لئے 2000 روپیے کی ضرورت تھی۔ (علاج/کھیتی)

- گروپ کی .... 15 تاریخ کو ہوتی ہے۔ (میٹنگ/مرمت)
- سہیلی گروپ میں کل 14 .... تھے۔ (ستم گر/ممبر)
- سبھی ممبروں نے مل کر رخسانہ کو .... بنایا۔ (صدر/قدر)

-3 سوال حل کیجیے:

1000 میٹر = ... کلومیٹر

200 سینٹی میٹر = ... میٹر

- 4 جمع کیجیے:

	میٹر	.	سینٹی میٹر
	25	.	15
+	40	.	70
	____		____

	میٹر	.	سینٹی میٹر
	4	.	75
+	2	.	10
	____		____

-5 گھٹایے:

	میٹر	.	سینٹی میٹر
	75	.	15
–	20	.	10
	____		____

	میٹر	.	سینٹی میٹر
	8	.	50
–	4	.	20
	____		____

سبق-23

ہمارا وطن

یہ ہندوستان ہے ہمارا وطن
محبت کی آنکھوں کا تارا وطن

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ اس کے دَرَختوں کی تیّاریاں
وہ پھَل پھول پَودے وہ پھُلواریاں

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

ہَوامیں دَرَختوں کا وہ جھومنا
وہ پتّوں کا پھولوں کامُنہ چومنا

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ ساوَن میں کالی گھٹا کی بَہار
وہ بَرسات کی ہَلکی ہَلکی پُھوار

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ باغوں میں کوئل، وہ جنگل میں مور
وہ گنگا کی لہریں، وہ جمنا کا زور

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

اِسی سے ہے اس زِندگی کی بہار
وطن کی محبت ہو یا ماں کا پیار

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

(پنڈت برج نارائن چکبستؔ)

دن اور مہینوں کے نام

سال میں 12 مہینے ہوتے ہیں۔ سال کا پہلا مہینہ جنوری ہوتا ہے۔ کچھ مہینے 30 دن کے ہوتے ہیں۔ کچھ 31 دن کے۔ فروری کا مہینہ 28 دن کا ہوتا ہے ہر چوتھے سال فروری کا مہینہ 29 دن کا ہوتا ہے۔ دیے گئے چارٹ میں دیکھیے اور جانیے کہ کس مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں۔

مہینہ	دن	مہینہ	دن
جنوری	31	جولائی	31
فروری	28/29	اگست	31
مارچ	31	ستمبر	30
اپریل	30	اکتوبر	31
مئی	31	نومبر	30
جون	30	دسمبر	31

سال میں 365 دن اور 52 ہفتے ہوتے ہیں۔

دنوں کے نام

ہفتے میں 7 دن ہوتے ہیں۔ ہفتہ پیر سے شروع ہوتا ہے۔

پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	سنیچر	اتوار

مشق:

1- نظم پڑھ کر جواب لکھیے:

- ہمارے وطن کا کیا نام ہے؟

....

- نظم میں کن دو ندیوں کا نام آیا ہے؟

....

- وطن کی محبت کو کس کے پیار کے برابر مانا گیا ہے؟

....

2- لفظ بنایے:

		ر	ا	ب	خ	ا
			س			
			ک			
			و			
ی	ک	ڑ	ل			

....

....

....

3- تصویر دیکھ کر تین جملے لکھیے:

....

....

....

4- پڑھ کر صحیح جواب پر صحیح (✓) اور غلط جواب پر غلط (x) کا نشان لگایے:

- سال کا پہلا مہینہ فروری ہے۔ (   )
- سال میں 12 مہینے ہوتے ہیں۔ (   )
- ہفتے میں 8 دن ہوتے ہیں۔ (   )

5- سوالات کے جواب لکھیے:

- ان مہینوں کے نام لکھیے جن میں 30 دن ہوتے ہیں۔

_____ _____ _____ _____

- ان مہینوں کے نام لکھیے جن میں 31 دن ہوتے ہیں؟

_____ _____ _____ _____ _____ _____ _____

سبق-24

روزگار کا حق

شیرو کو شہر جاتے دیکھ۔سلمان نے پوچھا۔شیرو گاؤں چھوڑ کر کیوں جا رہے ہو؟

شیرو: شہر نہ جاؤں تو پریوار کا پیٹ کیسے بھرے؟

سلمان: اب شہر جانے کی ضرورت نہیں ہے۔کل پنچایت بھون میں بیٹھک ہے۔
سرپنچ جی کہہ رہے تھے اب گاؤں میں ہی کام ملے گا۔

شیرو: سچ! میں بیٹھک میں ضرور آؤں گا۔

دوسرے دن پنچایت بھون میں سب لوگ جمع ہوئے۔

سرپنچ نے بتایا: دیش میں مہاتما گاندھی راشٹریہ گرامین روزگار گارنٹی قانون بنا ہے۔
اب گاؤں میں 100 دن روزگار پانا قانونی حق بن گیا ہے۔
غریب کنبہ کے ایک بالغ ممبر کو کام ملے گا۔کام انھیں کو ملے گا جو مزدوری کا کام

کرنے کو تیار ہوں گے۔

شیرو: ہمیں کیسے پتہ چلے گا کہ کام کب اور کہاں کرنا ہے؟

سرپنچ: پہلے عرضی دینی ہے تب جاب کارڈ بنے گا۔ پنچایت عرضی دینے والوں کو اطلاع پہنچائے گی کہ کام کب اور کہاں کرنا ہے۔ یہ اطلاع پنچایت کے نوٹس بورڈ پر بھی لگے گی۔

شیرو: اگر ایسا نہ ہوا تو؟

سرپنچ: عرضی کے 15 دن کے اندر کام نہ ملنے پر وہ مزدوری بھتّے کا حقدار ہوگا۔

انوری: عورتوں کو بھی کام ملے گا؟

سرپنچ: ہاں! ایک تہائی کام عورتوں کو ملے گا۔ اس میں مرد اور عورت دونوں کو برابر مزدوری ملتی ہے۔ گاؤں والے اس خبر سے خوش ہو گئے کہ اب گاؤں میں ہی کام ملے گا۔

معنی سیکھیے

جاب کارڈ ____ جس پر کام کا حساب رکھا جاتا ہے

نوٹس بورڈ ____ جہاں اطلاع لکھ کر لگائی جاتی ہے

فیصد کے سوال سیکھیے

اکثر لوگوں کو مختلف ضرورتوں کے لئے قرض کی ضرورت پڑتی رہتی ہے۔ اگر بینک سے قرض لیں تو اس کی ادائیگی اصل رقم سے کچھ زیادہ کرنی ہوتی ہے۔

اس زائد رقم کا حساب فیصد میں لگایا جاتا ہے۔ ساتھ ساتھ یہ بھی حساب لگایا جاتا ہے کہ یہ رقم کتنی مدّت کے لیے لی گئی ہے۔

مثال: 1000 روپے اگر سال بھر کو لیا جائے اور اس پر سالانہ 6 فیصد زیادہ دینا ہو تو اس کا حساب ایسے لگے گا۔

$$\frac{\text{اصل رقم} \times \text{مدت} \times \text{فیصد}}{100}$$

$$\frac{6 \times 1 \times 1000}{100} =$$ کل 60 روپے زائد رقم دینی ہوگی

یعنی ایک سال کے بعد 60 روپے + 1000 روپے = 1060 روپے واپس دینے ہوں گے۔

اسی طرح بینک میں جمع کی گئی رقم پر بھی زائد رقم ملتی ہے۔ اگر ہم بینک میں 10,000 روپے 4 سال کے لئے رکھتے ہیں اور بینک اس پر سالانہ 5 فیصد کی در سے زائد رقم دیتا ہے تو اس کا حساب اس طرح لگایا جائے گا۔

$$\frac{5 \times 4 \times 10,0\cancel{00}}{1\cancel{00}} = 2000$$ روپیے زائد ملیں گے

زائد رقم + اصل رقم = کل رقم

12,000=10,000+2000

جواب: 4 سال کے بعد بینک ہمیں 12,000.00 روپیے ادا کرے گا۔

مشق

1- پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے :

راشٹریہ گرامین روزگار گارنٹی اسکیم کے تحت مزدوروں کو سال میں 100 دن کے کام کی گارنٹی ہوگی۔ کام گاؤں سے 5 کلومیٹر کے اندر ہی دیا جائے گا۔ دوری زیادہ ہونے پر 10 فیصدی زیادہ مزدوری ملے گی۔ کام کی جگہ پر پینے کا پانی، آرام کے لئے سایہ دار جگہ اور طبّی امداد کے لئے دوا کا انتظام ہوگا۔ کام کے دوران چوٹ لگنے پر مفت علاج ہوگا۔ بچّوں کی دیکھ ریکھ کے لئے پالنا گھر ہوگا۔ ایک آیا ان کی دیکھ بھال کرے گی۔

- کام کتنی دوری پر ملے گا؟

....

- کام کی جگہ دور ہونے پر کیا ہوگا؟

....

- کام کے دوران چوٹ لگنے پر کیا ہوگا؟

....

2- دیے گئے لفظوں سے خالی جگہ بھریے:

مزدوری　　100 دن　　15 دن　　کارڈ

- مزدوروں کو سال میں.................کا کام ملے گا۔
- کام ان لوگوں کو ملے گا جو...........کا کام کرنے کو تیار ہوں۔
- کام کرنے والوں کو جاب.................ملے گا۔
- عرضی دینے کے.................کے اندر اندر کام نہ ملنے پر وہ بھتّے کا حقدار ہوگا۔

3 - سبق کی بنیاد پر جواب لکھیے:

- شیرو شہر جانے کی تیاری کیوں کر رہا تھا؟

....

- راشٹریہ گرامین روزگار گارنٹی کے قانون کے تحت سال میں کتنے دن کے کام کی گارنٹی ہے؟

....

- روزگار پانے والوں میں عورتوں کی تعداد کتنی ہونی چاہیے؟

....

4 - فیصد کے سوال حل کیجیے:

- 8 فیصدی کی در پر 1000 روپیے ایک سال کے لئے قرض لیں۔ تو ایک سال بعد کل کتنی رقم واپس کرنی ہوگی۔

- بینک جمع رقم پر 7 فیصد زیادہ رقم دیتا ہے۔ اگر ہم بینک میں 5 ہزار روپیے 2 سال کے لیے جمع کریں تو ہمیں 2 سال بعد کتنی رقم واپس ملے گی؟

اپنی جانچ آپ
T6

نام ________________
پتہ ________________
داخلہ کی تاریخ ________________
جانچ کی تاریخ ________________

نوٹ:

1۔ جانچ کا کل وقت 3 گھنٹے ہے۔

2۔ اس پرچہ کے تین حصّے ہیں۔ پہلا پڑھنا، دوسرا لکھنا اور تیسرا حساب۔ ہر حصّہ 50 نمبروں کا ہے۔

3۔ سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔

حصّہ 'ا' پڑھنا

کل نمبر 50

حاصل نمبر ☐

1۔ نیچے دیے گئے الفاظ کو پڑھیے اور صحیح تصویر کے ساتھ لائن سے ملایئے۔ (1x5=5)

نل

پاندان

قرآن شریف

بچہ

لالٹین

2۔ صحیح جملوں پر (✓) اور غلط پر (x) کا نشان لگائیں۔ (1x5=5)

i۔ ووٹ سوچ سمجھ کر دینا چاہئے۔

ii۔ ہمارے ملک کی راجدھانی لکھنؤ ہے۔

iii۔ بچّوں کو ٹیکے نہیں لگوانے چاہئے۔

iv۔ اسپتال میں بچّے پڑھنے جاتے ہیں۔

v۔ بیڑی سگریٹ پینے سے کینسر کی بیماری ہوسکتی ہے۔

3۔ دیے گئے نشانات کو صحیح جملوں کے ساتھ لائن سے ملایے۔ (1x5=5)

بیڑی سگریٹ پینا منع ہے

مزدور کام کر رہے ہیں

یہاں ڈاکٹری مدد ملتی ہے

ساکشر بھارت

خطرہ ہے

4۔ صحیح لفظ چن کر خالی جگہ بھریے۔ (2x5=10)

(پورب چاند زندگی بھارت وضو)

1۔ ہمارے وطن کا نام .... ہے۔

2۔ آج عید کا .... نظر آ گیا ہے۔

3۔ نماز سے پہلے .... ضروری ہے۔

4۔ سورج .... سے نکلتا ہے۔

5۔ ہوا کے بغیر .... ناممکن ہے۔

5۔ جملے کے دو حصّوں کو لائن سے ملا کر جملے پورے کیجیے۔ (2x5=10)

i۔ کسان بہت محنت سے	وہاں بیماری نہیں ہے۔
ii۔ جہاں صفائی ہے	بڑی طاقت ہے۔
iii۔ تعلیم سے دین و دنیا کا	28 دن ہوتے ہیں۔
iv۔ میل ملاپ میں	فصل اگاتا ہے۔
v۔ فروری میں	علم حاصل ہوتا ہے۔

-6 پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے؟ (5x3=15)

مولانا ابوالکلام آزاد ہمارے ملک کے ایک اہم رہنما تھے۔انھوں نے آزادی کی لڑائی میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا تھا۔آزادی کے بعد وہ ملک کے پہلے وزیر تعلیم بنے۔ انھوں نے تعلیم کے فروغ کے لئے بہت کام کیا۔اس لئے ان کی پیدائش کے دن کو ''قومی تعلیمی دن'' کے طور پر منایا جاتا ہے۔

- مولانا ابوالکلام آزاد کون تھے؟

....

- انھوں نے کس لڑائی میں حصّہ لیا تھا؟

....

- مولانا کی پیدائش کا دن کس طور پر منایا جاتا ہے؟

....

حصّہ ”ب“ لکھنا

کل نمبر 50

حاصل نمبر ☐

1۔ بورڈ پر دیے گئے حروف سے 5 الفاظ بنا کر لکھیے۔ (1x5=5)

د	ا	ن	
ک	م	ر	ھ
س	ت	و	ل
آ	پ	ہ	

1. ....
2. ....
3. ....
4. ....
5. ....

2۔ 5 سبزیوں کے نام لکھیے۔ (2x5=10)

....

....

3- دیے گئے الفاظ سے جملے بنایے۔ (3x5=15)

- صفائی ....
- تعلیم ....
- آبادی ....
- پانی ....
- روزگار ....

-4 اپنا یا کسی رشتہ دار کا نام اور پورا پتہ لکھیے۔ (1+3=4)

نام ....

پتہ ....

....

....

....

5 - اپنے کسی جاننے والے کے بارے میں دو جملے لکھیے۔ (3x2=6)

....

....

6 - اپنے محلّے کے بارے میں 5 جملے لکھیے۔ (2x5=10)

....

....

....

....

....

حصّہ"پ"حساب

کل نمبر 50

حاصل نمبر ☐

-1 گنتی پوری کیجیے۔ (1x10=10)

65		67			70	71			74

100		300	400				800		1000

-2 جوڑیے۔ (2x2=4)

$$\begin{array}{r} 64 \\ +\ 34 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 56 \\ +\ 17 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

-3 گھٹائیے۔ (2x2=4)

$$\begin{array}{r} 69 \\ -\ 24 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 52 \\ -\ 26 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

-4 ضرب کیجیے۔ (2x2=4)

$$\begin{array}{r} 25 \\ \times\ 6 \\ \hline \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 5 \\ \times\ 7 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

-5 تقسیم کیجیے۔ (2x2=4)

7) 5 6 (4) 2 8 (

-6 حل کیجیے۔ (2x4=8)

i. عابدہ کے پاس 24 کیلے اور 4 آم ہیں۔اس کے پاس کل کتنے پھل ہیں؟

ii. شرجی کے پاس 85روپے تھے۔اس نے 25روپے کا سامان خریدا۔اس کے پاس کتنے روپے باقی بچے؟

7- خالی جگہ بھریے۔ (2x5=10)

ایک سال میں................مہینے ہوتے ہیں۔

ایک ہفتہ میں................دن ہوتے ہیں۔

ایک گھنٹے میں................منٹ ہوتے ہیں۔

ایک کلومیٹر میں................میٹر ہوتے ہیں۔

ایک کلوگرام میں................گرام ہوتے ہیں۔

8- گھڑیوں میں کیا وقت ہے؟ (3x2=6)

...........بج کر...........منٹ

...........بجنے میں...........منٹ

نام اور دستخط رضا کار استاد ________________

محکمہ/سوسائٹی کا نام ________________

____